عبادت یہ نہیں کہ تم تو قدم جوڑے نماز میں کھڑے رہو اور کوئی

دوسرا شخص تمہارے لئے روٹیاں پکا تا رہے؛ بلکہ پہلے اپنی دو روٹی کا

انتظام کرلو، پھر عبادت کرو۔

__ حضرت ابو سلیمان دارانیؒ __

عبدالشکور



# جب شفا

















کلونجی 100 گرام ہلدی 50 گرام گلاب کے پھول کی پتی 100 گرام پھٹکری 25 گرام سونف 25 گرام کافور 15 گرام بادام 50 گرام شہد حسب ضرورت...... تمام اشیاء کو باریک پیس لیں اور شہد مکس کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں ایک گولی صبح شام پانی کے ساتھ دیں ہر مرض میں دے سکتے ھیں کسی بھی دواء کے ساتھ بطور معاون بھی استعمال کر سکتے ھیں۔ یہ ہر مرض میں شفا کا کام کرتی ھیں انشاللہ فایدہ ہی ہوگا .

## عبدالشکور فیصل

# خارش کا علاج


ہلدی 1 تولہ

گندھک 1 تولہ

گیرو 1 تولہ

زیری سیاہ 1 تولہ تمام اشیاء کو پیس لیں

اور 2 ماشہ صبح شام کھانے کے بعد استعمال کریں



عبدالشکور فیصل






# چہرہ نکھارے صرف 10 منٹ میں

بیسن آدھی چمچ،
ملتانی مٹی ادھی چمچ
روغن بادام 3 قطرے
روغن زیتون 3 قطرے
لیموں کا رس 3 قطرے
عرق گلاب 10 قطرے
تازہ دودھ 5 قطرے.....

تمام اشیاء کو مکس کر لیں اور چہرے پر لگا لیں خشک ہونے پر یا (10 منٹ بعد) چہرہ دھو لیں یہ چہرے کو صاف کرتا ہے کیل چھاہیوں کا خاتمہ کرتا ہےاور خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے. 10 یوم مسلسل استعمال کریں انشاءاللہ شفاء ہو گی

عبد الشکور فیصل






# جسمانی کمزوری کا علاج
# دبلا جسم موٹا کریں ۔



بادام شیریں 7 عدد،مغزپیستہ 4 عدد مغز کدو، مغزتربوز،گوند کیکر نشاتہ 3 ماشے تمام اشیاء کو باریک پیس لیں اور ا گلاس دودھ میں ڈال کر ابال لیں ٹھندا ہونے پر صبح خالی پیٹ پی لیں ہر قسم کی جسمانی کمزوری ختم ہو جائے گی شوگر کے مریض ایسے ہی پی لیں جب کے باقی لوگ مصری شامل کر لیں



عبد الشکور فیصل

# شوگر کا بہترین نسخہ

سعودی عرب میں تبوک کے عدالت کے سپریم قاضی (جج) شیخ "صالح محمود تویجری" نے ایک طویل تجربے کے بعد اللہ ﷻ کے فضل و کرم سے شوگر کے بیماری کے علاج کے لئے ایک کامیاب نسخہ دریافت کر لیا۔ اس بیماری سے بہت سے لوگ بالخصوص بوڑھے، مرد و عورت زیادہ دوچار ہے۔ شیخ محترم ایک لمبے تجربے، انتھک محنت و کوشش مسلسل صبر کے بعد اس بیماری کا اتنا بہترین نسخہ دریافت کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں، اس نسخہ میں استعمال ہونے والی اشیاء اور مقدار اس طرح ہیں۔



- گیہوں کا آٹا 100 گرام
- گوند 100 گرام
- جو 100 گرام
- کلونجی 100 گرام

دوا کی تیاری کا طریقہ مذکورہ چاروں چیزوں کو کسی برتن میں لے کر اس میں پانچ کپ پانی ڈالیں، پھر اسے کم از کم 10 منٹ تک جوش دیں، اس کے بعد آگ بجھا دیں اور اس کو از خود ٹھنڈا ہونے کے لئے چھوڑ دیں، اب اسے چھان لیں اور بچے ہوئے پانی کو برتن میں رکھیں۔

## استعمال کا طریقہ

ذیابیطس میں مبتلا مریض ناشتے سے پہلے صبح نہار منہ سات دن تک مسلسل چائے یا قہوے کی چھوٹی پیالی کے برابر مقدار لے۔

7 (سات) دن کے بعد مسلسل ایک ہفتہ تک ایک دن پیے اور ایک دن ناغہ کرے۔

ایک ہفتہ گذرنے کے بعد دوا کا استعمال بالکل بند کرے اور بلا روک ٹوک جو دل چاہے غذا استعمال کرے، باذن اللہ اسے کچھ نقصان نہیں ہوگا۔

انشاء اللہ

عبدالشکور فیصل

## شوگر کے مریضوں کے لیے ایک قیمتی تحفہ وہ بھی سستا اور بے ضرر

لہسن دیسی 50 گرام ادرک دیسی 50گرام انار دانہ کھٹا 50 گرام پودنیہ سبز 50 گرام ٹماٹرکا چوتھا حصہ ، پیاز کا چوتھا حصہ تمام اشیاء کی چٹنی بنا لیں اور صبح دوپہر چائے والی چمچ کھانے کے ساتھ لیں،یہ شوگر کو کنٹرول کرے گی اور خون کوبھی صاف کرے گی اور شوگر کی وجہ سے ہونے والے پھوڑوں پھینسوں کے لیے بھی مفید ہے اور ہاضمہ کو بھی درست کرتی ہے

عبدالشکور فیصل



# ........هو الشافی...................

## کمزوری معدہ کا علاج....................................................................


نوشادر، موٹی الاہچی، کالی مرچ، فلفل دراز،نمک سیاہ، نمک لاہوری، زنجبیل، (سونٹھ)،دارچینی، گیرو،ہر اک تولہ تولہ...... ست پودنیہ 3 ماشہ،جملہ ادویہ کو الگ الگ کوٹ کر اپس میں ملا لیں ،معدہ کے ہر مرض اور جگر کو طاقت دیتی ہے..........



عبدالشکور فیصل

# پرانے نزلہ زکام کا کامیاب علاج

مغز بادام تلخ 1 تولہ،تخم پالک 2 تولہ،مغز کدو 1 تولہ،کالی مرچ 1 تولہ، ان تمام اشیاء کو پیس کر لعاب بی دانہ 4 ماشہ میں مکس کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں صبح 1 گولی پانی سے دیں دوپیر 1 گولی چوسیں اور شام 1 گولی چائے سے لیں 10 دن میں ھی مرض جاتا رہے گا۔





عبدالشکور فیصل



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# علم الحروف میں تکسیرات کی افادیت

عمل الحروف میں تکسیرات کی افادیت مسلم ہے طالب ومطلوب کے ناموں کے حروف کو جب ایک ایک کر کے لکھا جاتا ہے تو اس کو بسط حرفی کہتے ہیں اور بعض اہل علم اس کو رسم الحروف کا نام بھی دیتے ہیں بسط حرفی یا رسم الحروف کو جب ایک دوسرے میں پھیرا جاتا ہے جس کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ایک حرف دائیں جانب سے لیا جاتا ہے اور دوسرا بائیں جانب سے یہاںتک کہ پہلی لائن نکل آئے بس یہ عمل تکسیر حرفی کہلاتا ہے اور اس عمل میں قرآن حکیم کی کسی آیت یا اسماء الٰہیہ میں سے کسی اسم کو شامل کیا جائے تو وہی تاثیر سامنے آتی ہے جو اس آیت کا مفہوم ہو یا اسم الٰہی کا معنی ہو مثلاً اللہ تعالیٰ کے اسم (یا ودود ) کو جن دو ناموں کے درمیان رکھ کر تکسیر حرفی نکالی جائے تو ان دونوں انسانوں کے درمیان اختلافات ختم ہو جاتے ہیں الفت ومحبت کا پرامن ماحول پیدا ہو جاتا ہے اگر تکسیر کا یہ عمل صرف حروف مکتوبی پر مشتمل ہو تو وقت کم صرف ہوگا تاثیر بھی کم ہوگی اور اگر یہ عمل حروف ملفوظی پر مشتمل ہوگا تو وقت بھی زیادہ صرف ہوگا اور تاثیر ایسی ہوگی کہ یہ مثال صادق آئے گی دو جسم اور ایک جان



Abdul Shakur



# تولیدی جراثیم کی کمی کا علاج

**اسبغول کا چھلکا 2چمچ، بادام 7 عدد،پیستہ 7 عدد،چھوہارے 4 عدد،چھوٹی الالچی 3 عدد،موصلی سفید کا سفوف 1/2 چمچ ،انڈے دیسی کی زردی 2 عدد، دیسی گھی 1 چمچ**

طریقہ تیاری: اسبغول اور چھوہارہ ،الالچی کو رات کو دودھ میں بھگو دیں صبح ایک برتن میں گھی ڈال کر انڈے کی زردیوں کو بریاں کر کہ بادام پیستہ اور موصلی کا پاؤدر ڈال دیں اور پھر جو چیزیں دودھ میں بھگوی تھیں ان کو ڈال کر اور حسب ضرورت دودھ اور شہد ڈال کر پکالیں اور اس حلوہ کا ناشتہ 20 یوم کریں پھر 7 دن چھوڑ کر 20 یوم کریں انشاءاللہ جراثیم بڑھ جاہیں گئے۔ لاکھوں کا نسخہ اللہ کی رضا کے لیے فری پیش کر رہا ہوں۔

عبدالشکور فیصل




جلد کے سیاہ تل ختم کرنے کے لیے..... ھوالشافی

گل منڈی 2 ماشہ .

سونف 2 ماشہ .

باریک پیس کر رات کو 1 گلاس پانی میں بھگو دیں اور صبح خالی پیٹ
روزانہ پی لیں اس میں شربت عناب بھی ملایا جا سکتا ہے .

عبدالشکور فیصل



**نرم ملام ہاتھ اب آپ کے بھی ہو سکتے ہیں**

زتیون کا تیل، ٹماٹر کے ٹکڑے،گلیسرین،اور لیموں کا رس برابر لیے کر رات
سونے سے پہلے ہاتھوں پر ملنے سے ہاتھ نرم ملاہم ہو جاتے ہیں-----------------
سریوں میں اس کا استعمال زیادہ مفید اور خوبصورتی کا باعث ہے-----------------



**عبدالشکور فیصل**




بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نقش مربع کے اسرار



نقش مربع دراصل چار الف کا مجموعہ ہے اور حرف الف کو روحانی علوم میں پہلا درجہ حاصل ہے کیونکہ یہ اللہ کے نام کا پہلا حرف ہے اور قرآن حکیم کی ابتداء بھی اسی سے ہوئی ہے اسی لیئے اس کا تعلق انسان کے اعضاء رئیسہ سے ہے اور مربع نقش کے چار الفوں کا تعلق انسان کے اعضاء سے اس ترتیب سے سمجھایا گیا ہے کہ پہلے الف کا تعلق انسان کی روح سے ہے دوسرے کا تعلق انسان کے دل سے ہے تیسرے کا تعلق انسان کی عقل سے ہے جبکہ چوتھے الف کا تعلق انسان کے نفس سے ہے اس لیئے جب کسی انسان کے نام کے اعداد کو کسی آیت قرآنی یا کسی اسم الہی کے اعداد میں جمع کر کے نقش مربع پر کیا جاتا ہے تو سب سے پہلے انسان کی روح. دل. عقل اور نفس پر اس آیت یا اسم الہی کی افادیت کے اثرات مرتب ہونے شروع ہو جاتے ہیں پھر یہ اثرات اکتالیس دن میں انسان کی پوری شخصیت پر پھیل کر مکمل ہو جاتے ہیں آپ بھی کسی مثبت مقصد کے حصول کیلیئے اپنے نام کے اعداد کو کسی آیت یا اسم الہی کے اعداد کے ساتھ مربع نقش بنوانے کیلیئے رابطہ کر سکتے ہیں



Abdul Shakur



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# روحانیت



انسان ایک خاک کا پتلا ضرور ہے مگر اس کے خاکی وجود میں ایک کیمیائی دنیا آباد ہے آپ ایک منٹ کیلئے آنکھیں بند کر کے پوری توجہ دل کی جانب کر دیں تو آپ حیران ہوں گے کہ ہر 30 سکینڈ بعد آپ کے ذہن میں نیا خیال پیدا ہوگا پیغامات و اطلاعات کا یہ سلسلہ بغیر کسی تعطل کے ہر لمحہ جاری رہتا ہے موجودہ دور کی ساری ترقی اسی سلسلہ کی مرہون منت ہے جو لوگ اس سلسلہ سے کائناتی اطلاعات و پیغامات سمجھنے کی صلاحیت سے آراستہ ہوتے ہیں وہ تخلیقی فارمولوں کو سٹور کر لیتے ہیں پھر ان پر تجربات کر کے نئی ایجادات میں اضافہ کر کے انسانی زندگی کے ارتقاء کو اگلی سٹیج فراہم کر دیتے ہیں ایسے انسان ہر شعبہء حیات میں ہوتے ہیں اور حیات انسانی کے اس ارتقائی سفر میں روحانیت کا شعبہ عظیم تر اس لیئے ہے کہ یہ شعبہ جن کائناتی اطلاعات کو حاصل کر کے انسانیت تک پہنچاتا ہے وہ لاعلاج امراض کا علاج ہوتے ہیں یا آخرت کی زندگی کی کامیابی کے اصول

Abdul Shakur







بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# روحانی عمل میں تاثیر عمل کی تھیوری

مادی سائنس نے اب یہ راز دریافت کرلیا ہے کہ کائنات میں موجود تمام چیزیں ان دیکھی لہروں سے وابستہ ہیں اور ان لہروں میں نور کی شعائیں اس طرح متحرک ہیں کہ زمان ومکاں کی پابندی سے یکسر آزاد ہیں جس سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ کائنات میں موجود اشیاء کی ایک نورانی حثیت بھی ہے روحانی اعمال میں اسی حثیت سے کسی بھی شئی کو متاثر کیا جا سکتا ہے روحانی علوم میں انسان کی اس نورانی حثیت کے بھی چھ مراتب ہیں ان میں سے پہلے مرحلہ کو لطیفہ اخفی کا نام دیا جاتا ہے انسان کے اندر یہ وہ نقطہ ہوتا ہے جس پر اللہ تعالی کے اسماء وصفات کی تجلیات ذکر و عبادت کے ذریعے سے براہ راست نزول کرتی ہیں اس لیئے جو انسان ذکر الہی کی بدولت اس لطیفہء اخفی میں داخل ہونے کی صلاحیت پیدا کرلیتا ہے تو وہ کائنات کی ان لہروں کے سسٹم میں داخل ہو جاتا ہے جن کا قیام روشنی کی لہروں پر ہے تو اس کیلیئے کسی بھی شئی پر تصرف کرنا ممکن ہو جاتا ہے قرآن پاک میں تخت بلقیس کا واقعہ اس بات کی روشن اور واضح دلیل ہے جبکہ روحانی عمل میں حروف واعداد کے ذریعے سے روشنی کی انہی لہروں کو اپنے مقصد کے مطابق حرکت دی جاتی ہے جس سے عمل میں تاثیر پیدا ہوتی ہے اسی لیئے روحانی عمل اگر قواعد وضوابط کے مطابق ہو تو خطا نہیں کرتا. اہل علم ان قواعد سے آگاہ ہوتے ہیں






Abdul Shakur



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# کیا ماورائی طاقتوں تک انسانی ذہن کی رسائی ممکن ہے؟؟؟

ارسطو کا خیال تھا کہ انسانی خیالات کا تعلق دماغ کی بجائے دل سے ہے اور دماغ صرف جسم کو ٹھنڈا رکھنے کا کام کرتا ہے مگر اسلام اور جدید سائنس نے خیالات کا مرکز دماغ کو قرار دیا اور دماغی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور استعمال کرنے پر زور دیا تا کہ اس کی رسائی ماورائی کائنات کے نادیدہ حقائق تک ممکن ہو سکے اس حوالہ سے جب سائنسدانوں نے انسانی دماغ پر ریسرچ کی تو یہ رپورٹ دی کہ اس میں اتنی وسعت موجود ہے کہ آٹھ ہزار یادداشتیں فی سیکنڈ کے حساب سے اس میں لوڈ کی جائیں اور 75 سال تک بغیر کسی وقفے کے برابر لوڈ کرتے رہیں تو بھی اس میں مزید گنجائش باقی رہے گی اس لیئے آج کی جدید سائنس کا عقیدہ ہے کہ انسانی دماغ ایک ایسی ایجنسی ہے جس نے ہر شئی کو احاطہ کیا ہوا ہے لھذا انسان کیلئے ممکن ہے کہ وہ کائنات کی مخفی توانائیوں سے رابطہ پیدا کر لے جبکہ روحانیت میں یہ رابطہ بالفعل ہوتا ہے کہ ایک روحانی انسان غیب کی دنیا سے متعارف ہوتا ہے اس کو وجدانی کیفیات حاصل ہوتی ہیں اور وہ روحانی علوم سے واقف ہوتا ہے اسی وجہ سے موجودہ سائنس کی ریسرچ کی سمت اس طرف ہو رہی ہے کہ انسانی دماغ کو کچھ دیکھی لہریں آپریٹ کر رہی ہیں اور روحانیت کا مؤقف بھی یہی ہے کہ انسانی دماغ کو ماورائی طاقتیں کنٹرول کرتی ہیں جس کا نام وہ نسمہ رکھتی ہے اب سائنس ان ماورائی لہروں کے اصل سورس اور مرکز کی تلاش میں مصروف ہے کہ آخر انسانی ذہن کا منبع اور ماخذ کیا ہے ۔ آپ بھی اگر انسانی اوصاف کے مالک ہیں تو قدرت کی اس عظیم نعمت کے متعلق ضرور سوچنا اور اپنی رائے سے آگاہ کرنا



Abdul Shakur

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# روحانی علوم اور سچے خواب

روحانی علوم میں سچے خواب دیکھنا مشاہداتی عمل کا پہلا سٹیج ہوتا ہے گہری اور پرسکون نیند کی حالت میں جب انسان کے ظاہری حواس مدہم ہو جاتے ہیں تو روحانی حواس بیدار ہو کر مثالی کائنات کا مشاہدہ کرتے ہیں انسان کی قوت حافظہ اگر تیز ہو تو یہ مشاہدہ یاد رہتا ہے ورنہ اکثر بھول جاتا ہے یہ انسان کے پاس قدرت کی ایک ایسی صلاحیت ہے جو وجدان اور الہام کے برابر کی چیز ہے جو ہر ایک کو قدرت نے برابر برابر عطا کی ہے جتنا انسان کے روحانی علوم کا دائرہ وسیع ہوتا ہے اتنا ہی انسان اپنی اس صلاحیت سے بہتر نتائج اخذ کرتا ہے مادی سائنس نے نیند کی حالت میں انسانی ذہن سے جن برقی لہروں کا مشاہدہ کیا ہے ان میں سے انتہائی اہم لہروں کو گا ماریز ویوز کا نام دیا ہے ماہرین کا کہنا ہے کہ جو انسان خواب نہیں دیکھتا اس کو چاہیے کہ اپنے دماغ کا طبی یا روحانی معائنہ لازمی کرائے کہیں نہ کہیں خرابی ضرور ہوگی کیونکہ یہ ایک فطری عمل ہے جس کو نیند کی حالت میں متحرک ہونا چاہئے روحانی علاج میں اس عمل کو متحرک کرنے کیلئے ( **یا باسط** ) کا ذکر بتایا جاتا ہے اگر آپ کے ذہن کا یہ فطری سسٹم متحرک نہیں ہے تو سونے سے پہلے باوضو حالت میں 1100 گیارہ سو مرتبہ یا باسط پڑھ کر سویا کریں آپ کے باطنی حواس بیدار ہو کر نیند کی حالت میں مثالی کائنات کا مشاہدہ کرنے کے قابل ہو جائیں گے ۔



Abdul Shakur





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# عمل تکسیر بحیثیت مراتب حروف

تکسیرات کے اعمال میں حروف کی قوتوں کو متحرک کرنے کیلئے مختلف قواعد وضوابط کو استعمال میں لایا جاتا ہے تب تاثیر ظاہر ہوتی ہے ان قواعد وضوابط کا جاننا صاحب عمل کیلئے ضروری ہے ورنہ حروف کے مؤکلات متحرک نہیں ہوں گے تکسیر حروف میں ایک قاعدہ استعمال کیا جاتا ہے جس کو مراتب حروف کا نام دیا جاتا ہے اس قاعدہ کے استعمال کرنے سے عمل ناکام نہیں ہوتا بلکہ حروف کے مؤکلات جلد حرکت میں آجاتے ہیں اور وہ قاعدہ یہ ہے کہ طالب ومطلوب کے نام مع والدہ لے کر ان میں مقصد کے مطابق کوئی آیت قرآنی یا اسماء الہیہ میں سے کسی اسم کے حروف کو شامل کرلیں پھر ان کو بسط حرفی کریں پھر غور سے دیکھیں کہ مرتبہ اول کے حروف کون کون سے ہیں ان کو ابتدا میں رکھیں پھر اسی طرح مرتبہ ثانی کر حروف کو رکھیں اسی طرح تمام حروف کے مراتب کا مرحلہ طے کرنے کے بعد تکسیر نکالیں اور زمام برآمد کریں اس طریقہ پر کیا ہوا عمل تکسیر کبھی خطا نہیں کرتا مقصد بہر صورت حاصل ہوتا ہے بشرطیکہ تکسیر نکالنے والا باوضو ہو اور وقت بھی مناسب ہو



Abdul Shakur





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# تاثیرات حروف کا حتمی فیصلہ

شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ فرماتے ہیں میرے پاس اہل علم کے دو گروپ آئے اور دریافت کیا کہ کیا حروف بھی تاثیر رکھتے ہیں تو میں نے کہا شرائط کو سامنے رکھتے ہوئے تجربہ کرلیں حروف کی تاثیر کی شرط یہ ہے جب اس کو لکھا جائے یا پڑھا جائے تو پہلے اس کی شکل کو ذہن میں حاضر کیا جائے کیونکہ حرف جب ذہن میں موجود ہوگا تو تاثیر پیدا کرے گا جب اس شرط کو پورا کرتے ہوئے حروف کو تحریر کیا گیا تو تاثیر ظاہر ہوگئی تو عدم تاثیر کا قائل گروپ بخوشی قائل ہوگیا آج بھی کچھ لوگ حروف سے ترکیب پانے والے ایک عمدہ شعر پر دل کھول کر داد دیتے ہیں اور کسی عمدہ تحریر سے متاثر ہوتے ہیں مگر عملیات کے حوالہ سے کسی کتاب کا حوالہ مانگتے ہیں اس کی مثال ایسے ہے جیسے کوئی شہد سامنے رکھ کر کسی کتاب کا حوالہ مانگے کہ بتاؤ کہا لکھا ہے کہ شہد میٹھا ہوتا ہے بقول اقبالؒ

خضر کیا بتائے اور کیوں کر بتائے ÷ اگر ماہی کہے دریا کہاں ہے

اگر دریا میں رہنے والی مچھلی پوچھ رہی ہو کہ دریا کہاں ہے تو حضرت خضرؑ بھی اس کو بتائیں تو کیا بتائیں اسی طرح آج کے انسان کی پوری زندگی کا دارومدار حروف سے ترکیب پانے والے الفاظ پر ہے پھر بھی کوئی عملیات کی دنیا میں تاثیر حروف کا قائل نہیں تو حتمی فیصلہ یہی ہے کہ شرائط کو پورا کرتے ہوئے تجربہ کرلے شہد کے چکھنے سے مٹھاس کا پتہ چلتا ہے نہ کہ کتاب کے حوالہ سے

Abdul Shakur





بسم اللہ الرحمن الرحیم



# علم الاعداد کا ایک عظیم الشان قاعدہ

اس قاعدہ کے ذریعے سے آپ بآسانی معلوم کرسکتے ہیں کہ جن دو انسانوں کی شادی ہو رہی ہے اس کا انجام کیا ہوگا قاعدہ یہ ہے کہ لڑکی اور لڑکے کے ناموں کے اعداد نکال کر علیحدہ علیحدہ عدد 9 پر تقسیم کریں جو اعداد باقی بچیں ان کی آپس میں نسبت دیکھیں اگر دونوں طرف 1 = 1 بچا ہے تو زندگی بھر سعادت مندی کی علامت ہے اگر نسبت 2 + 1 کی ہے تو بھی شاہانہ زندگی پر دلیل ہے اگر نسبت 1 اور 3 کی ہے پوری زندگی نا اتفاقی اور لڑائی جھگڑا رہے گا اسی طرح نسبت 1 اور 4 کی ہے تو انجام طلاق اور جدائی ہوتا ہے . یہ قاعدہ 1 سے 9 تک گھومتا ہے اور 100% درست نتائج فراہم کرتا ہے پاکستان کی مشہور شخصیت کرکٹ کے سابقہ کپتان آج کل کے مشہور سیاست دان محمد عمران خان کی شادی کو اس قاعدہ کی میزان پر ملاحظہ کریں. محمد عمران کل اعداد ہیں 453 جب ان کو 9 پر تقسیم کیا تو باقی 3 بچے.اب جمائما کے کل اعداد 95 ہیں جب ان کو 9 پر تقسیم کیا تو باقی بچے 5 اس طرح نسبت بنی 5 اور 3 کی. اور اس قاعدہ کی روشنی میں جب نسبت تین اور پانچ کی ہو تو انجام طلاق ہوتا ہے اور یہی ہوا سب کو معلوم ہے. اسلام علم حاصل کرنے کو فرض قرار دیتا ہے کاش آج مسلمان فرقہ پرستی میں مبتلا نہ ہوتے ان علوم کی قدر کرتے تو وقت سے قبل ہزاروں اسرار معلوم کر کے اپنی مشکلات کو کم کر لیتے اور آسانیوں میں اضافہ کر لیتے مگر یہاں تو علم کی بات کرنا ایسا جرم ہے کہ دائرہ اسلام سے ہی خارج ہونا پڑتا ہے

**Abdul Shakur**







بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حروف قرآنیہ اور نظام کائنات

قرآن حکیم انسان کو کائنات میں غوروفکر کی دعوت دیتا ہے تو جب انسان اس کائنات ہست و بود میں اپنی فکری صلاحیتوں کو استعمال کرتا ہے تو اجسام کائنات میں ایک ربط دکھائی دیتا ہے اور یہ نظام کائنات انسانی زندگی کے ساتھ سب سے گہرا ربط رکھتا ہے کیونکہ قرآن حکیم جو کہ پوری انسانیت کیلئے کتاب ہدایت ہے جن حروف میں لکھا ہوا ہے ان کی تعداد 28 ہے اسی طرح زمین کا قریب ترین ستارہ چاند بھی ایک مہینہ میں 28 منزلیں طے کرتا ہے جس کی ہر منزل کا تعلق قرآن کے کسی ایک حرف سے ضرور ہوتا ہے مثلا چاند کی پہلی منزل شرطین کا تعلق حرف الف سے ہے اور منزل بطین جو کہ چاند کی دوسری منزل ہے اس کا تعلق حرف ب سے ہے اسی طرح حرف ت کا تعلق چاند کی منزل ثریا سے ہے اسی طرح ہر انسان بھی ان حروف قرآنیہ ہے اور چاند کی منازل سے ایک تعلق رکھتا ہے جس کے معلوم کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد قمری نکالیں اور ان اعداد کو 28 پر تقسیم کریں جو باقی بچیں ان کو حرف الف سے شمار کریں تو جس حرف پر ختم ہوں وہی حرف آپ کا حرف ہے آپ کی زندگی کا تعلق اس حرف کے اثرات کے ماتحت ہوگا اور آپ کیلئے اسی حرف کے اعمال رحمت الٰہیہ وسعت رزق اور ہر مقصد میں کامیابی کا ذریعہ بنیں گے

اگر آپ اپنا حرف معلوم کرنا چاہتے ہیں تو رابطہ کر سکتے ہیں

**Abdul Shahur**










بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ہمیشہ کی ترقی کا عمل

اگر آپ اس وقت اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہر نعمت سے مالا مال ہیں اور آپ کی زندگی میں بہار کا موسم ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے گلشن حیات میں خزاں نہ آئے تو آپ پہلی فرصت میں یہ عمل کریں اس کی برکت سے آپ ہمیشہ ترقی کی آب و ہوا میں رہیں گے طریقہ اس عمل کا یہ ہے کہ ایک عدد عقیق یا مرجان کا نگینہ حاصل کریں جس کا رنگ سبز یا گلابی ہو اور سبز رنگ کی دو چادریں لیں اگر ممکن ہو تو کسی بھی ذریعے سے کمرے میں سبز رنگ کی روشنی رکھیں ایک چادر نیچے بچھا کر قبلہ رخ بیٹھ جائیں اور دوسری چادر اوڑھ لیں اور نگینہ بھی سبز رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر سامنے رکھ لیں ربیع الاول شریف کے پہلے جمعہ کو صبح کی نماز پڑھ کر یہ عمل کریں گیارہ مرتبہ درود تاج پڑھ کر اس عمل کا آغاز کریں ایک ہزار مرتبہ یا رحیم پڑھ کر نگینے پر دم کرتے جائیں جب امام جمعہ کی دوسری اذان کے بعد خطبے کیلئے کھڑا ہو اس وقت اس عمل کو ختم کر کے نماز ادا کریں اور آپ مرد ہیں تو یہ نگینہ تانبے کی انگوٹھی میں اگر عورت ہیں تو سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی میں پہنیں انشاء اللہ آپ کے گلشن حیات میں ہمیشہ بہار رہے گی



Abdul Shakur






بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# روحانی عمل اور علم لدنی

جب خود نقطہ ءذات انسان میں موجود ہے تو ادراک انسانی میں علوم لدنی کے ذخیرے کی موجودگی پر یقین کا نہ ہونا علم کی کمی پر دلیل ہے یا فرقہ بازی کا عنصر انسانی سوچ پر غالب ہو چکا ہے اہل علم انسان اچھی طرح جانتے ہیں کہ روحانی علوم کا اصل ماخذ یہی ذخیرہ ہے جس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ضروری شرط یہ ہے کہ جسم کی کثیف روشنیوں کو لطیف کرلیا جائے تو اس ذخیرہ تک رسائی ممکن ہو جاتی ہے اسلامی نظام تعلیم میں اللہ تعالی کے ذکر کی کثرت سے اپنے جسم کی کثافت کو لطافت میں تبدیل کرنا ایک محفوظ اور سب سے آسان ذریعہ ہے جب انسان کا لطیفہ ءنفسی نورانیت سے معمور ہو جاتا ہے تو ادراک انسانی میں ایسی فراست ضرور پیدا ہو جاتی ہے جو اس کائنات کی ان دیکھی لہروں کا ادراک کرلیتی ہے جب کسی انسان کو ان دیکھی لہروں کا ادراک ہو جائے تو اس کیلئے کائنات میں تصرف کرنا ممکن ہو جاتا ہے کیونکہ کائنات کی ہر ایک شئی ان لہروں سے جڑی ہوئی ہے۔ روحانی عمل میں ان لہروں کو اپنے مقصد کی جانب متوجہ کرکے نتائج کو حاصل کیا جاتا ہے اگر کوئی انسان کسی ایسی مسئلہ میں مبتلا ہے جس کا کوئی مادی سبب سامنے نہیں آرہا تو اس کا کوئی نہ کوئی روحانی سبب ضرور ہوگا تو اس کا حل بھی روحانی طریقہ سے ممکن ہوگا اس معاملہ میں مادی وسائل کو استعمال کرنے والے کی مثال ایسے ہے جیسے مچھلی پکڑنے والے نے صحرا میں جال ڈالا ہوا ہو

Abdul Shakur








بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فالج کا روحانی علاج


فالج کا حملہ اس وقت ہوتا ہے جب انسانی دماغ کو خون کی فراہمی بند ہو جاتی ہے یا کم ہو جاتی ہے میڈیکل طب میں اس مرض کے اسباب موروثی جراثیم. ہائی بلیڈ پریشر. کولیسٹرول کی زیادتی شوگر اور منشیات کا استعمال ہے.

اس مرض کا روحانی علاج نہایت کامیاب اور بے حد آسان ہے روزے اور وضو کی حالت میں **سورت زلزال اور سورت والتین** کو عرق گلاب اور زعفران کی روشنائی سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اکتالیس سو بار **یا قدوس** پڑھ کر دم کر کے پھر زم زم کے پانی یا بارش کے پانی سے دھو کر مریض کو پلاتے رہیں اور یہ عمل اکتالیس کریں انشاءاللہ مریض کامل صحت پا ئے گا اس مقصد کیلئے کسی ایسے انسان کا بندوبست کیا جائے جو ان سورتوں کو لکھ سکتا ہو اور یا قدوس کو صحیح تلفظ سے پڑھ سکتا ہو اگر روحانی عمل کو درست ادائیگی سے نہ پڑھا جائے تاثیر پیدا نہیں ہوتی

Abdul Shakur


Step-8





# مچھر مارنے کا سستا طریقہ

مچھر ، اللہ تعالیٰ کی تخلیق کیوں اور کس لئے ؟

لیکن ایک بات یقینی ہے کہ اگر مچھر اپنے دو ہتھیاروں (ملیریا اور ڈینگی وائرس) سے لیس ہو تو ، پھر وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی صورت میں نازل ہوتا ہے

برا نہ مانئے یہ عذاب خود حضرت انسان کا پیدا کردہ ہے ۔ کیا کبھی آپ نے کبھی چھوٹے جانوروں کو ملیریا یا ڈینگی سے مرتے دیکھا ہے؟ حالانکہ وہ بے چارے نہ تو رات کو مچھر دانی لگا کر سوتے ہیں اور نہ ہی مچھر مار یا بھگاؤ قسم کی کوئی دوائی استعمال کرتے ہیں ۔ تو پھر ایسی کیا بات ہے کہ یہ دونوں وائرس انسانوں ہی پر کیوں اثر کرتے ہیں؟ اس پر ہمیں سوچنا چاہیئے ۔ بڑے بڑے قابل اور ذہن رکھنے والے لوگ موجود ہیں ۔ شاید کوئی مستقل نہیں تو بہترین حل نکال لیا جائے ؟


Step-1

آیئے ، سستا طریقہ اپنے استعمال میں لانے کے لئے جو اشیاء ہمیں چاہئیں وہ زیادہ قیمتی نہیں ۔

1-- کسی بھی مشروب یا منرل واٹر کی پلاسٹک کی خالی بوتل ۔ قینچی ۔ مارکر ۔ کالا کاغذ ۔ شکر تقریباً چار کھانے کے چمچے اور Yeast ایک چمچ ۔

Abdul Shakur


Step-2

2 - پلاسٹک کی بوتل کو اس طرح کاٹیں کہ اوپر کے حصے سے ایسی قیف بنے جو بوتل میں نہ گرے

3- شکر کو گرم پانی میں ڈال کر گھولیں اور شیرا بنائیں ۔

4-اس شیرے کو بوتل میں ڈال دیں ٹھنڈا ہونے پر اس میں Yeast ملائیں ۔

5- اب بوتل ہی سے بنی ہوئی قیف اس پر تصویر میں دکھائے ہوئے طریقے کے مطابق رکھ دیں

6- بوتل پر کالا کاغذ لپیٹ دیں ۔

7- بوتل کو کمرے کے کونے میں رکھ دیں ۔


Test - 3

شکر اور Yeast مل کر کاربن ڈائی آکسائیڈ پیدا کریں گے ۔ جس کی بو پر مچھر لپکیں گے بوتل میں داخل ہوں گے یا تو شیرے میں چپک جائیں گے یا بوتل کی دیوار سے چپک جائیں گے ۔

یاد رہے کہ ہمارے سانس سے کاربن ڈائی آکسائیڈ نکلتی ہے ۔ جس سے مچھر کی ناک فوراً شکار کی سمت کا تعین کرتی ہے اور وہ جب شکار کے نزدیک پہنچتا ہے تو وہ اپنے پروں کو موڑ کر کامیابی کا بگل بجا کر دوسرے ساتھیوں کو اطلاع دیتا ہے ۔ کہ میں نے شکار ڈھونڈ لیا ہے آؤ اور موجیں کرو ۔



Step-4

اس سے پہلے کہ مچھر آپ کو شکار کرے ۔ آپ بھی یہ سستا ترین نسخہ استعمال کر کے مچھر کو پہلے شکار کر سکتے ہیں ۔

آزمانے میں کیا حرج ہے؟

ہاں Yeast بیگم کو بتا کر لینا ایسا نہ ہو کہ اس کا کیک بنانے کا ارادہ ہو اور آپ Yeast استعمال کر بیٹھے ہوں ۔ نتیجہ اس سے آپ اچھی طرح واقف ہوں گے ۔


Step-5


Step-6


Step-7





بسم اللہ الرحمن الرحیم



# اللہ تعالی سے انسان کی ذہنی وابستگی

ایک کامیاب روحانی معالج کیلیئے اللہ تعالی سے ذہنی وابستگی بہت ضروری ہے
یہ وابستگی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب انسان اللہ کا ذکر رسمی طور پر نہیں بلکہ
ایک خاص سلیقہ سے کرتا ہے جب ذکر کی قوت سے انسان کی ذہنی وابستگی ایک
لامحدود توانائی سے قائم ہو جاتی ہے تو روحانیت میں اس کو مقام جمع کہتے ہیں
جب ایک عامل اس مقام میں داخل ہو جاتا ہے اس وقت اس کے عمل میں
عرفان کی لہریں شامل ہو جاتی ہیں جن سے عمل میں قوت اور تاثیر پیدا ہو جاتی
ہے روحانی عمل کا یہ وہ راز ہے جس سے بہت سے عامل بھی واقف نہیں ہیں
اس لیئے عام لوگ اپنے اعمال میں تاثیر پیدا کرنے میں ناکام رہتے ہیں
کیونکہ وہ اس وابستگی سے واقف نہیں ہوتے اگر واقف بھی ہوں تو پھر ہمت
سے کام نہیں لیتے ہر انسان کو یاد رکھنا چاہیے ادھورہ کام کبھی بھی پورا رزلٹ نہیں
دیتا روحانی عمل سے فیضیاب ہونے کا اصل راز اللہ تعالی سے کامل وابستگی ہے

Abdul Shakur





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# انسان کی اصل شخصیت کیا ہے؟

ہر تعلیم یافتہ انسان کو اپنی اصل شخصیت کا ادراک ہونا چاہیئے کیونکہ انسان کا مادی جسم صرف اس کی اصل شخصیت کا مظہر ہے اصل شخصیت نہیں ؛ انسان کیلیئے اپنی اصل شخصیت کے ادراک کا سب سے بہترین ذریعہ مثبت طرز فکر کے ساتھ اپنے باطن کی اصلاح کرنا ہے اپنے باطن کی اصلاح کرنے سے انسان کا سفر دماغ سے ذہن کی جانب شروع ہو جاتا ہے۔ مائنڈ سائنس کی تمام شاخیں اس بات پر متفق ہو چکی ہیں کہ انسانی دماغ اور ذہن دو مختلف چیزیں ہیں اور اصلیت ذہن کو حاصل ہے کیونکہ ذہن ہی دماغ کو آپریٹ کر رہا ہے اور دماغ جسم کو کنٹرول کرتا ہے اب اہل علم کو یقین ہو چکا ہے کہ انسانی ذہن ماورائی کائنات سے توانائی حاصل کر کے انسانی دماغ کو مہیا کرتا ہے اور انسانی دماغ اس توانائی کو پورے جسم میں سپلائی کرتا ہے اس لیئے کسی انسان سے ماورائی واقعات کا ظاہر ہونا ناممکن نہیں رہا بلکہ ممکن ہے اور خوشی بات یہ ہے کہ معجزات و کرامات کی تھیوری اب سائنسدانوں کیلیئے ہدایت کا پیغام بن چکی ہے اسلامی روحانیت نے انسان کو زمان و مکان سے آزاد جن لہروں سے متعارف کرایا تھا موجودہ سائنس ان لہروں کو حاصل کر کے استعمال میں لا چکی ہے مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ آج کا مسلمان فرقہ پرستی میں مبتلا ہو کر اپنی اصل شخصیت سے غافل ہو چکا ہے



الله شافی — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — الله کافی

# سورت فاتحہ سے شفاء حاصل کرنے کا روحانی طریقہ

اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز کسی ایسی مرض میں مبتلا ہے جو باوجود علاج معالجہ کے آرام نہیں آ رہا تو سورت فاتحہ سے یقینی شفاء حاصل کریں جس کا روحانی طریقہ یہ ہے کہ آپ خالص عرق گلاب اور خالص زعفران خرید لیں اور زعفران کو عرق گلاب میں ڈال کر احتیاط سے زعفرانی محلول بنا لیں کہ لکھائی صاف دکھائی دے رات کو خالی پیٹ سو جائیں یا تھوڑا سا کھانا کھائیں. نماز صبح سے قبل اٹھیں اور غسل کر کے پاک وصاف لباس پہنیں جونہی آذان فجر ہو دو رکعت سنت ادا کریں اور سورت فاتحہ کو چینی کی پلیٹ پر اس طرح لکھیں

ب س م ال ل ہ ال رح م ن ال رح ی م ال ح م دل ل ہ رب ال ع ال م ی ن


یعنی ہر حرف علیحدہ لکھیں کم از کم تین پلیٹیں ضرور لکھیں پھر نماز فجر کے فرض ادا کریں اب اللہ سے دعا کریں اور ان لکھی ہوئی پلیٹوں کو بارش یا دریا کے پانی سے دھو کر تین مرتبہ مریض کو پلائیں اگر یہ پانی میسر نہ ہو تو عرق گلاب کافی ہے. اس عمل کو عام مرض کیلئے گیارہ دن کریں اور کینسر. شوگر اور بلڈ پریشر وغیرہ لا علاج امراض کیلئے اکتالیس دن کریں پھر دیکھیں قادر مطلق کی قدرت آپ کو حیران کر دے گی

abdul shakur





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم





# مرگی کا روحانی علاج

جس انسان کو مرگی کا مرض لاحق ہو اور اس کی شدت خواہ کتنی ہی کیوں نہ ہو اس کے گھر والوں کو چاہئے کہ کسی روحانی علوم کے ماہر سے اس مریض کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد معلوم کر لیں پھر ان اعداد کے مطابق اسم اعظم معلوم کر لیں اور پھر اس اسم اعظم کو چینی کی پلیٹ میں عرق گلاب اور زعفران کے محلول سے اتنی تعداد میں لکھ کر پلائیں جو اسم اعظم کے اعداد ہیں یاد رہے کہ محلول اس طرح ہو کہ الفاظ صاف دکھائی دیں انشاء اللہ اکتالیس دن کے بعد مرض باقی نہ رہے گا اللہ تعالی مکمل شفاء عطا فرمائے گا مجرب ہے




Abdul Shakur



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# علم الحروف کے روحانی عمل کا پروسس

جب علم الحروف کی روشنی میں ایک کامیاب عمل کیا جاتا ہے تو حروف کے ہر ہر عنصر کو علیحدہ کرکے باریک بینی سے پرکھا جاتا ہے تب جا کر ایک کامیاب عمل کے ذریعے سے تاثیر پیدا ہوتی ہے مثلاً روحانی عامل کے پاس نام آیا ہے محمد حسان تو ایک ماہر عامل اس کا مکمل تجزیہ ایسے کرے گا

محمد حسان کے حروف کو تین بسط میں لکھے گا ۔ 1 م ح م د ح س ا ن ۔

2 م ی م ح ا م ی م د ا ل ح ا س ی ن ا ل ف ن و ن ۔ 3 ا ر ب ع ی ن ث م ا ن ی ہ ا ر ب ع ی ن ا ر ب ع ہ ث م ا ن ی ہ س ت ی ن ا ح د خ م س ی ن

نمبر 1 کو بسط مکتوبی کہتے ہیں 2 کو بسط ملفوظی کہتے ہیں 3 کو بسط عددی کہتے ہیں

پھر ہر ایک مزاج والے حروف کو علیحدہ کرکے معلوم کرے گا کہ کس مزاج کے حروف کی تعداد زیادہ ہے یا کس قسم کے حروف کے عدد زیادہ ہیں پھر اس کے مطابق عمل کا انتخاب کرے گا کہ عمل آتشی کیا جائے آبی کیا جائے بادی کیا جائے یا کہ خاکی کیا جائے پھر اس کے مطابق آیت قرآنیہ یا اسم الٰہیہ کا انتخاب کرکے روحانی علاج کا کامیاب عمل سرانجام دے کر کامیاب علاج کرے گا اس کی مثال آپ اس طرح سمجھیں کہ جیسے ایک ماہر ڈاکٹر مریض کے مرض کی تشخیص کے لئے خون کے اندر تمام وٹامنز کو نوٹ کرتا ہے کہ کون سے وٹامنز کی کمی ہے۔ اے۔ سی۔ یا کہ ڈی۔ بی تاکہ دوا اور غذا کے ذریعے سے اس وٹامنز کی کمی کو پورا کرکے مریض کی صحت کو بحال کیا جائے بالکل یہی پروسس اور طریقہ کار روحانی علاج میں مریض کے نام کے حروف اور آیت قرآنیہ کے حروف کا نہایت باریک بینی کے ساتھ تجزیہ کرکے سرانجام دیا جاتا ہے جس کا اثر میڈیکل ٹریٹمنٹ سے کہیں زیادہ ہوتا ہے کیونکہ روحانی عمل کی رفتار مادی عمل سے ستر حصے زیادہ ہوتی ہے۔

Abdul Shakur








## کلمہ طیبہ کی لوح

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶ | ۲۳۳ | ۲۲۶ | ۲۳۹ |
| ۲۲۷ | ۲۳۸ | ۲۳۷ | ۲۳۲ |
| ۲۲۱ | ۲۲۸ | ۲۳۱ | ۲۳۲ |
| ۲۳۰ | ۲۳۵ | ۲۲۰ | ۲۲۹ |


لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یہ کلمہ طیبہ کی لوح عددی ہے جو شخص اپنے نام کے اعداد و کلمہ طیبہ کے اعداد میں شامل کر کے اس لوح کو بنا لے یا کسی ماہر سے بنوا کر اپنے پاس رکھ لے تو اس کی برکات سے فیضیاب ہوتا رہے گا ایمان کی حفاظت ہوتی رہے گی عبادات میں لذت حاصل ہوگی شرک و کفر سے انسان محفوظ رہے گا دل کو سکون ملے گا خیالات میں پاکیزگی پیدا ہو جائے گی وساوس شیطانی ذہن میں داخل نہیں ہوں گے اور رزق میں برکت ہوگی


اگر آپ بھی یہ لوح بنوانا چاہتے ہیں تو رابطہ کر سکتے ہیں

**abdul shakur**





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# شوگر کا روحانی علاج

اگر آپ کے یقین کے اثاثہ کو مادیت کے پروپیگنڈے نے تحلیل نہیں کیا آپ کے دل میں یقین کا کم از کم اتنا اثاثہ موجود ہے کہ آپ روحانی توانائیوں سے شفاء یابی کے اصول ضوابط کو حقارت کی نظر سے نہیں دیکھتے تو یہ عمل آپ کو صرف 33 دن میں شوگر جیسی لاعلاج مرض سے چھٹکارہ دلاسکتا ہے طریقہ اس عمل کا یہ ہے کہ شوگر کے مریض کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد حاصل کریں اور ان اعداد میں یہ اعداد جمع کردیں 5257 پھر کل اعداد سے 30 عدد قانون کے نفی کر کے 4 پر تقسیم کریں اور حاصل ضرب اعداد سے نقش مربع آتشی چال سے پر کریں اور 33 نقش لکھ کر مریض کو دیں ہر روز ایک نقش عرق گلاب میں حل کر کے استعمال کرے جب 33 نقش ختم ہو جائیں شوگر چیک کرائیں تو آپ کی حیرانگی آپ کے یقین کو نقطہ عروج پر لے جائے گی بقول اقبالؒ


اگر آج بھی ہو ابراہیم کا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے انداز گلستاں پیدا

Abdul Shakur



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# چاند کی چھٹی منزل




چاند کی چھٹی منزل کا نام ہنعہ ہے چاند جب اس منزل میں اترتا ہے تو سعادت و نیک بختی کی لہریں زمین کی جانب رخ کر لیتی ہیں روحانی سائنس میں یہ لہریں مثبت انرجی سے بھری ہوئی ہوتی ہیں چاند کی یہ منزل اعمال محبت و صلح میں سو فیصد کامیاب نتائج فراہم کرتی ہے کیونکہ اس میں جو روحانیت کا فرما ہوتی ہے وہ نیکی کے کاموں کیلئے قدرت کا حسین تحفہ ثابت ہوتی ہے چاند تقریباً بائیس گھنٹے اس منزل میں قیام کرتا ہے۔ روحانی سائنس ان لہروں کو ایسے ہی تشخیص کرتی ہے جیسے مادی سائنس موسم کی لہروں کو تشخیص کر کے اطلاع فراہم کر دیتی ہے کہ کل کا موسم کیسا ہوگا ہوا میں نمی کا کیا تناسب ہوگا اور ہوا کی رفتار کیا ہوگی اور اگر بارش ہوگی تو اس کی شدت کیا ہوگی بالکل اسی طرح روحانی سائنس کے روحانی آلات روحانی شخصیات کو یہ تمام معلومات فراہم کر دیتے ہیں کہ چاند جب اپنی اٹھائیسویں منازل میں سے منزل ہنعہ میں نزول کرتا ہے تو زمین کی جانب سعادت مند لہروں کا بہاؤ متحرک ہو جاتا ہے جن میں محبت و الفت صلح و ہمدردی کے اعمال زبردست نتائج مرتب کر سکتے ہیں اور یقیناً ایسا ہی ہوتا ہے اگر یقین نہیں آتا تو بطور تجربہ چاند جب اس منزل میں نزول کرے تو اپنے کسی اہم کام کیلئے سورت یاسین سات بار پڑھ کر دعا کر کے تجربہ کر لیں آپ کو کائنات کے روحانی سسٹم کا یقین آ جائے گا

Abdul Shakur



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# جذب قلوب کا بینظیر عمل

یہ عمل جذب قلوب کیلئے وہی تاثیر رکھتا ہے جو مقناطیس لوہے کیلئے رکھتا ہے طریقہ اس عمل کا یہ ہے کہ اپنے اور مطلوبہ شخص کے نام کے اعداد مع والدہ جمع کرلیں اور ان کو اسم ودود کے اعداد میں ضرب دیں اور حاصل ضرب اعداد کے حروف بنالیں یہ حروف بطور استنطاق بنائیں مثلاً حاصل ضرب ہے (۹۷۵۳) تو یہ حروف نکلیں گے (ج ہ ز ط) اب ان حروف کے مؤکلات ظاہری و باطنی لے لیں اور ان کو اصل اعداد کے مجموعہ کے برابر پڑھیں اور ان حروف کے مؤکلات یہ ہیں (ج) کے ہیں جائیل اور کلکائیل (ہ) کیلئے ہیں ہائیل اور دوریائیل (ز) کیلئے ہیں زائیل اور شرفائیل اور (ط) کیلئے ہیں طائیل اور اسمائیل اور پڑھنے کا طریقہ یہ ہوگا اجب یا جائیل بحق یا ودود اجب یا کلکائیل بحق یا ودود اجب یا ہائیل بحق یا ودود اجب یا دوریائیل بحق یا ودود اجب یا زائیل بحق یا ودود اجب یا شرفائیل بحق یا ودود اجب یا طائیل بحق یا ودود اجب یا اسمائیل بحق یا ودود یہ عمل ایسا سریع الاثر ہے کہ ایک ہی ہفتہ میں اپنا اثر ظاہر کردیتا ہے اگر مؤکلات و اعداد کے نکالنے میں دشواری ہو تو رابطہ کر سکتے ہیں

Abdul Shakur






بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# روحانی اعمال کا مرکز انسان کا یقین ہے

آپ اگر اللہ کی ذات پر ایمان رکھتے ہیں تو پھر آپ کو یہ یقین رکھنا بہت ضروری ہے کہ آپ کے جسم و روح کی گہرائیوں میں اس کی ذات کے سوا کوئی دوسرا موجود نہیں ہے آپ اگر ایسا انداز فکر اپنائیں کہ آپ کو خود اپنی ذات پر بھروسہ ہو جائے تو قدرت کی تمام روحانی توانائیاں بھی آپ پر بھروسہ کرنے لگیں گی پہلے خود پر بھروسہ کرنا سیکھیں پھر روحانی عمل کی تاثیر اپنی آنکھوں سے دیکھیں جب انسان اشرف المخلوق ہونے کے باوجود خود کو حقیر سمجھنے لگتا ہے تو گویا وہ روحانی توانائیوں سے خود کو الگ کر لیتا ہے کیونکہ اس نے اللہ کے دیئے ہوئے شرف کو گویا کہ قبول نہیں کیا آپ اگر خود کو انسان سمجھتے ہیں تو پھر آپ یقین کریں کہ آپ روحانی مخلوق پر تصرف کرنے کا حق رکھتے ہیں اگر آپ کو اس بات کا یقین نہیں آ رہا تو درج ذیل عمل کا تجربہ کر کے یقین کر لیں کوئی ایسا مریض جس کو کھانسی یا دمے کا مرض ہے اور میڈیکل ٹریٹمنٹ سے آرام نہیں آ رہا تو بدھ کے دن بعد از نماز فجر 786 مرتبہ (**یا مستبین**) چینی کی پلیٹ پر لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلائیں اور دوسرے بدھ تک اس عمل کی تاثیر کا کمال دیکھیں

Abdul Shakur



بسم اللہ الرحمن الرحیم


# جسم میں دردوں کا قرآنی علاج

جس انسان کے جسم میں درد رہتا ہو اور کسی دوائی سے آرام نہ آتا ہو تو یہ قرآنی نسخہ استعمال کریں طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے زیتون کا تیل لیں اور کسی پاک برتن میں رکھ کر مصلی پر بیٹھ جائیں اچھی سی خوشبو استعمال کریں اگربتی سلگائیں 41 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور تیل پر دم کریں پھر ایک ہزار مرتبہ ان آیات کو تلاوت کریں

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنۢ بَعْدِ ٱلْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَآئِفَةً مِّنكُمْ ۖ وَطَآئِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِٱللَّهِ غَيْرَ ٱلْحَقِّ ظَنَّ ٱلْجَٰهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ ٱلْأَمْرِ مِن شَىْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ ٱلْأَمْرَ كُلَّهُۥ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِىٓ أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ ٱلْأَمْرِ شَىْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَٰهُنَا ۗ قُل لَّوْ كُنتُمْ فِى بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ ٱلَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ ٱلْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِىَ ٱللَّهُ مَا فِى صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِى قُلُوبِكُمْ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ

اور تیل پر دم کر دیں آخر میں پھر 41 مرتبہ درود شریف پڑھ کر تیل پر دم کریں اور صبح و شام اس تیل سے جسم کی مالش کریں صرف گیارہ دن میں آپ کے جسم درد باقی نہ رہے گا مجرب ہے

Abdul Shakur



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# علم الحروف کے اعمال میں فرشتوں کا کردار

ایک روحانی انسان جب اس کائنات عنصری سے کائنات مثالی میں قدم رکھتا ہے تو وہ عالم مثال کی مخلوق سے متعارف ضرور ہوتا ہے۔جس کی ترتیب یہ ہوتی ہے کہ سب سے پہلے وہ جنات سے متعارف ہوتا ہے بہت سے کم ہمت والے روحانی لوگ یہاں پہنچ کر اپنے قدم روک لیتے ہیں مگر باہمت افراد عبادت و ریاضت کی بنیاد پر اپنے قدم آگے بڑھا کر ملائکہ عنصری تک جا پہنچتے ہیں ان ملائکہ عنصری کا تعلق علم الحروف سے ہوتا ہے اسی لیئے اس علم میں ہر ایک حرف کیلئے ایک مؤکل ظاہری اور ایک مؤکل باطنی مقرر ہے چنانچہ علم الحروف کے روحانی اعمال میں انہی مؤکلات سے کالیا جاتا ہے مثلاً حرف الف کے عمل میں الف کے مؤکل ظاہری آئیل اور مؤکل باطنی اسرافیل سے کام لیا جاتا ہے اسی طرح حرف ب کے عمل میں اس کے دونوں مؤکلات بائیل اور جبریل سے کام لیا جاتا ہے اسی طرح دیگر حروف کے مؤکلات سے کام لیا جاتا ہے۔جس کا طریقہ یہ ہوتا ہے۔جس اسم الٰہی یا آیت قرآنیہ کا عمل کیا جاتا ہے تو اس آیت یا اسم میں جتنے حروف ہوتے ہیں ان سب کے مؤکلات اس مقصد کیلئے کام کرتے ہیں جس کیلئے عمل کیا جاتا ہے مگر ان کی کامیابی کا تعلق اس آیت اور اسم الٰہی کی تلاوت پر منحصر ہوتا ہے جتنا پڑھنے کے ماحول میں پاکیزگی اور یکسوئی ہوگی اتنا جلد اثر ہوگا عامل کا پڑھنا ان مؤکلات کو ایسے ہی انرجی فراہم کرتا ہے جیسے الیکٹرانک چیزوں کو بجلی انرجی فراہم کرتی ہے یہ انرجی ہوگی تو کام ہوگا ورنہ وہی ہوگا جو پاکستان میں بجلی نہ ہونے سے ہوتا ہے

Abdul Shakur

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حرف الف اور قوت دماغ

ماہرین علم الحروف نے حرف الف کا تعلق انسان کے دماغ ثابت کیا ہے جو تجربہ کرنے پر سو بھی فیصد ثابت ہوا ہے تفصیل اس کی یہ ہے کہ الف کو جب ملفوظی لکھیں تو تین حرف حاصل ہوتے ہیں ال ف جب ان تین کو حروف کو بھی ملفوظی لکھیں تو آٹھ حرف مزید حاصل ہوتے ہیں ال ف ل ام ف اا ی ان کی کل تعداد گیارہ حاصل ہوئی ال ف ال ف ل ام ف ا اب ان کے اعداد حاصل کریں تو ۳۷۴ بنتے ہیں ان میں سے ۳۰ عدد قانون کے خارج کردیں تو باقی ۳۴۴ بچتے ہیں اب ان کو چار پر تقسیم کریں تو حاصل تقسیم عدد ۸۶ حاصل ہوئے اب ان اعداد سے مربع نقش پر کریں اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اکتالیس دن بارش کے پانی سے دھو کر پئیں تو دماغی صلاحیتوں بے حد اضافہ ہوتا ہے بالکل مجرب ہے

ا ل ف ا ل ف ل ا م ف ا

اجب یا وحائل اجب یا طصائل اجب یا بصائل اجب یا ہصائل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۳ | ۹۶ | ۹۹ | ۸۶ |
| ۹۸ | ۸۷ | ۹۲ | ۹۷ |
| ۸۸ | ۱۰۱ | ۹۴ | ۹۱ |
| ۹۵ | ۹۰ | ۸۹ | ۱۰۰ |

اجب یا قائل اجب یا طفائل اجب یا صائل اجب یا ہصائل

Abdul Shakur

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم





# جنات کی شرارتیں

سیاسی طور پر جو لوگ کمزور ہوتے ہیں چوروں اور ڈاکوؤں کی نظریں ان کے مال اسباب پر لگی رہتی ہیں تا کہ مناسب موقع پر ان کا مال چرا لیا جائے اور جو لوگ اپنا سیاسی اثر ورسوخ قائم کر لیتے ہیں ان کے مال اسباب کافی حد تک محفوظ ہو جاتے ہیں بالکل اسی طرح جو لوگ علمی وفکری طور پر کمزور ہوتے ہیں تو وہی لوگ جنات کی شرارتوں کا شکار بنتے ہیں جس کی عام علامت یہ ہوتی ہے کہ وہ بلا وجہ خوف ودہشت کا شکار رہتے ہیں اور بلا وجہ ذہنی پریشانی میں مبتلا رہتے ہیں ایسے لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنی علمی وفکری کمزوری کو دور کریں یا کسی روحانی شخصیت سے عقیدت واحترام پر مبنی تعلقات پیدا کر لیں تا کہ خبیث جنات سے اس شخصیت کی وجہ سے محفوظ رہیں

اسلام کا نظام عبادت جنات شرارتوں سے حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے

Abdul shakur

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# روحانیت میں تخیل سازی کا کمال

روحانی علوم کے مطالعہ کرنے سے انسان تخیل سازی کے پروگرام سے آگاہ ہو جاتا ہے تخیل سازی انسانی ذہن کا ایسا تخلیقی پہلو ہے جس کے ذریعے سے مستقبل میں پیش آنے والے واقعات کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے انسان کے تخیل کی قوت کو متحرک کرنے کیلیے روحانی علوم کی ہدایات سو فیصد مثبت نتائج فراہم کرتی ہیں آپ اگر اپنی قوت خیال کو استعمال میں لانا چاہتے ہیں تو رسم دنیا چھوڑ کر حقیقت پسندی کا رویہ اختیار کریں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اپنے دماغ کے خلیات کو روحانی انرجی مسلسل فراہم کرتے رہیں پھر جب کسی اہم کام کے انجام کے بارے میں فکر مند ہوں تو یہ روحانی فارمولا استعمال کریں اپنے مقصد کو ایک کاغذ پر تحریر کریں اور اپنے سامنے رکھ کر پورے دھیان سے پڑھنا شروع کر دیں ( یا علیم علمنی من امری ) اور آپ کی نگاہ مقصد پر رہے آپ کا خیال جب بھی بھٹکے فوراً مقصد کی جانب لے آئیں اور اس وقت تک آپ پڑھتے رہیں جب تک نیند غالب نہ آ جائے جب نیند سے مجبور ہو جائیں تو سو جائیں اپنے مقصد کے انجام کو ایسے دیکھیں گے جیسے زمین سے چودھویں کے چاند کو دیکھتے ہیں مجرب ہے آپ بھی تجربہ کر کے دیکھیں





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# رزق میں اضافے کا روحانی عمل

اللہ تعالیٰ کی ذات ہر ایک کو رزق دیتی ہے اس کے رزق دینے کا ایک سسٹم مادی ہے جس سے ہم سب واقف ہیں اور دوسرا سسٹم روحانی ہے جس سے ہم سب واقف نہیں ہیں روحانی علوم میں کمال رکھنے والے اس سسٹم سے واقف ہوتے ہیں وہ اللہ کی مخلوق کو متوجہ کرتے رہتے ہیں اور وہ سسٹم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفت رزاقیت کی تجلیات بغیر کسی تعطل کے ہر آن عرش بریں سے فرش زمیں کی جانب ان دیکھی لہروں کے ذریعے مسلسل برس رہی ہیں ان لہروں کو اپنی جانب متوجہ کرنے کیلئے روحانی ماہرین مختلف عمل بتاتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ہر روز نماز فجر کے بعد آنکھیں بند کر کے پڑھے ( اَجِبْ یَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ یَا رَزَّاقُ ) جب تک 11 سو کی تعداد پوری نہ ہو آنکھیں نہ کھولے کچھ عرصہ کے بعد بند آنکھوں سے اپنے اوپر رزق کی بارش برستی دیکھے گا جب نور کی بارش برستی دیکھنے لگے تو سمجھے کہ عمل کامیاب ہو گیا تقریباً اکتالیس دن کے بعد بند آنکھوں سے نور کی بارش برستی نظر آنا شروع ہو جاتی ہے پھر کسی کی محتاجی باقی نہیں رہتی جو ہمیشہ پڑھتا رہے گا ہمیشہ خوشحال رہے گا

Abdul Shakur





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# روحانی توانائیاں

جب ایک انسان غور وفکر کرتا ہے تو اپنے اور اس کائنات کے مابین ایک گہرے تعلق کو محسوس ضرور کرتا ہے تب اسے یقین آتا ہے کہ کچھ توانائیاں ایسی ضرور ہیں جو انسانی وجود کو ہر لمحہ انرجی فراہم کر رہی ہیں یہ سب کچھ ایک خاص سسٹم اور نظام کے ساتھ ہو رہا ہے جس کو روحانی علوم کی زبان میں انسپائریشن کا سسٹم کہا جاتا ہے یہ ایک ایسا سسٹم ہوتا ہے جو کائنات کے تکوینی نظام سے جڑا ہوا ہوتا ہے اس کو وہی انسان سمجھ سکتا ہے جو اپنے خیالات کی پاکیزگی کا خاص اہتمام رکھتا ہو کیونکہ انسانی خیال ہی وہ پرندہ ہے جس کی پرواز کائنات کے اس تکوینی نظام کی طرف گاہ بگاہ ہوتی رہتی ہے اس لیئے قدرت جس انسان سے جو کام لینا چاہتی ہے اس نظام کے ذریعے خیالات کی ترسیل شروع کر دیتی ہے اس لیئے روحانی علوم میں خیال انسانی زندگی کی بہت بڑی حقیقت ہے اس لیئے راسخ فی العلم افراد اپنی اس حقیقت سے آگاہ ہو کر اس منظم سسٹم سے خوب فائدہ اٹھاتے ہیں کیونکہ انسان کے خیال کے پیچھے بیس ہزار تکوینی نظام کی لہریں کارفرما ہوتی ہیں

عبدالشکور



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# روحانی عمل میں تاثیر پیدا کرنے کا راز





روحانی عمل کا تعلق انسانی وجدان سے ہوتا ہے عقل سے نہیں عقل محض راہنمائی کرتی ہے کیونکہ انسانی ذہن میں یہ مقام صرف وجدان کو حاصل ہے کہ جب وہ متحرک ہوتا ہے تو اس کی ہر حرکت کا رخ ہمیشہ نقطہء ذات کی جانب ہوتا ہے اہل روحانیت وجدان کی اس حرکت کو حرکت صعود بھی کہتے ہیں کیونکہ صعود کا مطلب ہوتا ہے اوپر اٹھنا ایک مسلمان کیلئے اپنی وجدانی کیفیت کو بیدار کرنے کا بہترین پروگرام نماز اور ذکر الٰہی کی کثرت ہے مگر اس کی لازمی شرط یہ ہے کہ انسان کا ایمان فرقہ بازی کے زہر سے محفوظ ہو ورنہ وجدانی کیفیت کا بیدار ہونا ممکن نہیں اس لیئے ضروری ہے کہ جب عامل کسی عمل کو انجام دینے کا ارادہ کرے تو خلوت میں نوافل کے ذریعے اپنے اندر اس کیفیت کو متحرک کر کے عمل شروع کرے پھر عمل کی تاثیر دیکھے کہ کس قدر جلد ظاہر ہوتی ہے

عبد الشکور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# علم الحروف کا ایک عظیم قاعدہ

علم الحروف بتاتا ہے کہ ہر حرف اپنا ایک طبعی مزاج رکھتا ہے اس لیئے جو سات حروف آتشی مزاج رکھتے ہیں وہ حروف ہوائیہ سے الفت ومحبت رکھتے ہیں جبکہ حروف مائیہ اور خاکیہ سے مخالفت۔ اسی طرح حروف خاکیہ حروف آتشی اور حروف ہوائیہ سے مخالفت رکھتے ہیں جبکہ حروف مائیہ سے شدید محبت والفت. علم الحروف کے اس قاعدہ کی روشنی میں بآسانی نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کس انسان کی کس انسان سے دوستی ہوسکتی ہے اور کس کی کس سے دشمنی ہوگی یہ سب کچھ ہر انسان کے نام کے حروف کو جانچنے سے ماہرین پر واضح ہوجاتا ہے اس علم کی بدولت دو انسانوں کے درمیان ازدواجی زندگی کیسے گذرے گی میاں بیوی کے ناموں کے حروف سارے حالات علم الحروف کے ماہر کے سامنے بیان کردیتے ہیں اور حروف ہی کے مزاج سے واضح ہوجاتا ہے کہ کون کس مزاج کا مالک ہے اسی لیئے دین اسلام حصول علم اور علم کی روشنی میں زندگی گذارنے کی تاکید کرتا ہے تاکہ زندگی کا سفر آسانی سے طے ہو آج مسلمان فرقہ پرستی کا شکار ہوکر ان روحانی علوم سے بغاوت کر بیٹھے ہیں جس کی وجہ سے ہر ایک مختلف مسائل میں الجھا ہوا ہے کاش آج مسلمان قرآنی ہدایت کے مطابق ان علوم روحانیہ کے قدر دان ہوتے تو حالات بہت مختلف ہوتے اللہ سمجھ عطا فرمائے

عبد الشکور

# اچھا رشتہ ملنے کے لئے دُعائیں

ماں باپ بڑے بھائی بہن کو چاہیے کہ بچوں اور چھوٹے بھائی بہنوں کو جوان ہونے کے بعد ایسی دُعائیں یاد کروادیں جن میں (اچھے رشتے کا ملنا اور عافیت کے ساتھ زندگی کا گزارنا) طلب کیا گیا ہے۔ چونکہ یہ دُعائیں خود اللہ تعالیٰ ہی نے بتائی ہیں گویا پوری کائنات کے مالک خود ہی بتلا رہے ہیں کہ ہمارے دربار میں ہم سے اس طرح مانگو۔ لہٰذا وہ دُعائیں قبولیت کے زیادہ قریب ہیں۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ○ (سورۃ الفرقان آیت ۷۴)

"اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے (دل کا چین) اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔"

اللہ تعالیٰ نے اس دُعا کو اپنے خاص بندوں کی دُعا فرمایا ہے۔ یہ دُعا ہر مرد و عورت کو زندگی بھر مانگتے ہی رہنا چاہئے۔ بہت ہی مُبارک دُعا ہے، اس میں شوہر، بیوی، بچے، خاندان سب کیلئے دُنیا و آخرت دونوں کی دُعائیں آگئیں۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# روحانی عمل سے فیضیابی کا طریقہ

آپ اگر روحانی عملیات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے اپنے یقین کی پاور کا جائزہ لیں اگر آپ اپنے یقین میں کمزوری محسوس کرتے ہیں تو اس کو مضبوط کرنے کی تدابیر اختیار کریں اس کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالی کی عبادت اور ذکر کا خاص اہتمام کریں مگر فرقہ باز عناصر کے قریب مت جائیں یہ عنصر یقین کی بجائے شک و بدگمانی کو زیادہ پرموٹ کرتا ہے اور ہمیشہ اچھا اور مثبت سوچیں کیونکہ یقین کی پختگی کا مدار بلند اور وسیع سوچ پر ہے تقریبا ہر نماز کے بعد اپنی سوچ کا جائزہ لیں کہ کس قدر وسیع ہو چکی ہے اگر کوئی خاص فرق محسوس نہ ہو تو اسم الہی **یا باسط** کا ورد شروع کردیں اس سے وسعت قلبی پر بہت زیادہ اثر پڑتا ہے

عبد الشکور



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جانے اگر تو کہ کیا چیز ہے تکبیر مسلسل
تیری پرواز لاہوتی ، تیرے خاکی بدن میں

# المتکبر

یہ اللہ تعالیٰ کا ایسا نام ہے جو زندگی کے زہر کو شہد بنا دیتا ہے جیسے عقل پتھر کو آئینہ بناتی ہے اس اسم کے خادم حضرت خطیائیل ہیں جس کا مقام حجاب ہیبت ہے اس کے ماتحت پانچ ملائکہ ہیں جن میں ہر ایک 662 صفوں کا نگران ہے اور ہر صف میں 662 فرشتے ہیں جن کی مجموعی تعداد 438249 بنتی ہے یہ سب اسی اسم کا ذکر کرتے رہتے ہیں ان کا رنگ سفید اور لباس زرد ہوتا ہے جو شخص ان کی مجموعی تعداد کے مطابق اس اسم کا ذکر روزے کی حالت میں 41 دن کرے تو یہ موکل اس کے پاس حاضر ہو کر باذن اللہ اطاعت کرتا ہے اس اسم کا ذکر زندگی کے باطنی جاہ وجلال کی تب وتاب کو خاک بدن میں مستور رکھتا ہے جس سے انسان کا باطن متحرک مگر ظاہر پرسکون ہو جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ موج حیات اب گوہر بن چکی ہے موج حیات جب گوہر بن جائے تو عاجزی وانکساری اس کا زیور ہوتا ہے یہ انکساری اتنی اہم ہوتی ہے کہ بادشاہوں کے جاہ وجلال اس کے سامنے کانپتے ہیں ایسے انسان کے ذہن سے ایسی نادیدہ لہریں خارج ہوتی ہیں جن سے آفتاب کی روشنی کم یا زیادہ ہو سکتی ہے اس بزم وجود میں ایسے نیاز مندوں نے ہزاروں کارنامے انجام دیئے ہیں جو تاریخ کے صفحات کی زینت اب بھی ہیں کیونکہ ان کی ایک نگاہ سے ہزاروں دل اپنے فیصلے تبدیل کر لیتے ہیں اور روح کی معنویت بدن کی قید میں ہوتے ہوئے بھی مسلسل پرواز کرتی رہتی ہے اور آج کے مسلمان کو روح کی اسی معنویت کا سفر درکار ہے۔

مطلوب ہے تجھ کو ایک تسلسل روح کے سفر میں
اس نام خدا سے باطن کو طلب کر ظاہر کو مٹا دے

عبدالشکور

بسم اللہ الرحمن الرحیم



# مجرب استخارہ

آپ کسی بھی کام کے بارے میں معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ تقدیر الٰہی میں اس کا انجام کیا ہوگا نماز عشاء کے بعد چھ 6 رکعت نماز اسی نیت سے پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ والضحیٰ پڑھیں دوسرے رکعت میں سورۃ والتین پڑھیں تیسری رکعت میں سورۃ الم نشرح چوتھی مین سورۃ القدر پانچویں مین سورۃ زلزال اور آخری میں سورۃ اخلاص جب نماز مکمل کرلیں تو ایک کاغذ پر خوبصورت الفاظ میں لکھیں کہ از طرف فلاں بن فلاں ........یعنی اپنا نام اور والدہ کا نام لکھے جو کہ فقیر ومحتاج ہے نا امید اور پریشان ہے اے رب جلیل وکریم اے ودود عزیز اے جبار ومتکبر مجھے میرے اس کام کے متعلق آگاہ فرما اور میں سوا تیرے نہ کسی سے طلب کرتا ہوں اور نہ ہی کسی کی جانب رغبت کرتا ہوں اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر اسم کے وسیلے سے جو تو نے اپنی کتاب میں بیان فرمائے ہیں یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھائے ہیں یا علم غیب میں چھپا کر رکھے ہیں اے اللہ تو میرے مسئلہ اور معاملہ کو مجھ پر کشادہ فرما.......... یہاں جو بھی معاملہ ہے اس کو پوری تفصیل سے لکھے آخر میں 100 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس تحریر پر دم کرے اور اس تحریر کو اپنے دائیں رخسار کے نیچے رکھ کر سو جائے انشاء اللہ خواب میں سب کچھ واضح دیکھ لے گا مجرب ہے

عبدالشکور




بسم اللہ الرحمٰن الرحیم




# حروف قرآنیہ کے موءکلات

قرآن حکیم کا ہر حرف اپنا ایک ظاہری و باطنی موکل رکھتا ہے جب اس حرف کو پڑھایا لکھا جاتا ہے تو اس کا موکل متحرک ہوتا ہے حروف قرآنیہ کے موکلات کی تحریک کی قوت کا دارومدار پڑھنے والے کی ذہنی پاکیزگی اور تقوی وطہارت کے معیار پر منحصر ہوتا ہے عبادت کے ذریعے سے جس قدر انسان اپنے قلب وجسم میں لطافت پیدا کرتا ہے یہ موکلات اتنا ہی اس انسان سے مانوس ہوکر اس کیلئے باذن اللہ خدمات انجام دیتے ہیں اگر آپ کو یقین نہیں آتا تو چالیس دن کیلئے کم کھائیں کم سوئیں اور کم بات کریں ہر وقت ذکروفکر اور عبادت میں مصروف رہیں تو آپ کو ہر حرف قرآنی کے ساتھ جڑے ہوئے فرشتوں احساس پیدا ہوگا حرف الف کے موکل ظاہری کا نام آئیلؑ ہے جبکہ باطنی کا اسرافیلؑ

عبدالشکور





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایک ہی رات میں
# حاجت کے پورا ہونے کا عمل

دن کو روزہ رکھیں افطار صرف میٹھی چیز سے کریں نماز عشاء سے پہلے غسل کریں اور صاف لباس پہنیں اپنے گھر کے کسی صاف کونے میں نماز عشاء اطمینان سے ادا کریں بعد از نماز 100 بار درود شریف پڑھیں پھر ایک ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دو رکعت نماز اپنی ضرورت کے پورا ہونے کی نیت سے پڑھیں پھر انے مقصد کی اللہ سے دعا کریں بالکل اسی ترتیب سے پھر 100 مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک ہزار یار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں اور دو رکعت نماز اپنے حاجت کی نیت سے پڑھیں اور اللہ کی یارگاہ میں اپنی حاجت پیش کریں اسی ترتیب کے ساتھ 12000 ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف کو مکمل کریں اور ہر ایک ہزار کے بعد دو رکعت نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں انشاء اسی دن حاجت پوری ہوگی پھر آپ کو یقین آجائے گا کہ اللہ ہر شئی پر قادر ہے




asf malik





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# روحانی علوم اور انسانی ذہن کی پرواز

اسلام کی روحانی تعلیمات پر پاکیزگی کے ساتھ عمل کرنے سے مشاہدہ ہوتا ہے کہ انسانی ذہن ایک عجیب وغریب آفاقی چیز ہے جب مکمل یکسوئی سے عالم مثال میں سفر کرتا ہے تو ایک لطیف مخلوق سے متعارف ہوتا ہے جو لوگ فرقہ بازی سے بچ کر اپنے ذہن کو عبادت الٰہی کے ذریعے سے ریکنڈیشن کرتے رہتے ہیں وہ اپنے ذہن کے حساس آلہ سے نورانی مخلوق کا مشاہدہ کرنے اور مانوس کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اسلامی تعلیمات میں غیبی سچائیوں پر ایمان لانا اس وقت مفید ثابت ہوتا ہے جب ان کے مشاہدہ کیلئے ان تھک مجاہدہ کیا جائے روحانی علوم کے ذریعے جب کا ان تعارف ہوتا ہے تو ان میں سے ہر ایک کے نام کے آخر میں ئیل کا لفظ جڑا ہوا ہوتا ہے اس لیئے علم الحروف کا عامل جب حروف کے ملائکہ سے متعارف ہوتا ہے تو ان کے نام لفظ ئیل پر اختتام پذیر ہوتے ہیں مثلا الف کیلیئے آئیل واسرافیل ب کیلیئے بائیل وجرائیل ت کیلیئے تائیل وعزرائیل ث کیلیئے ثائیل و میکائیل ج کیلیئے جائیل وکلکائیل اسی طرح تمام حروف اپنا ایک ظاہری اور ایک باطنی موکل رکھتے ہیں روحانی اعمال میں یہی موکلات کام کرتے ہیں آپ بھی ان موکلات کے ذریعے سے اپنا کوئی مقصد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو رابطہ کر سکتے ہیں ہمیشہ یاد رکھیں نظام قدرت بہت وسیع ہے



asf malik



بسم اللہ الرحمن الرحیم

گلشن ہستی خوشبوئے امن سے مہک اٹھے گا ☆ ہو پائے اگر آبروئے دل کی حفاظت ہم سے

asf malik

# المومن

یہ اسم الٰہی ایک عظیم الشان اسم ہے جس میں امن کا مفہوم پایا جاتا ہے امن ہی سے انسان کی زندگی اور روحانیت کی آبرو ہے اگر یہ قائم رہے تو روح کی خوابیدہ قوتیں بیدار ہونے لگتی ہیں اور انسان خودی کے درجات سے واقف ہونے لگتا ہے امن و سلامتی انسانی روح کی کھیتی کیلئے باران رحمت ہوتی ہے کیونکہ اسی سے باطن کے خفیہ امکانات بیدار ہوتے ہیں اور خودی کی تعمیر ہوتی ہے جس سے انسان کے سامنے حقیقت کے دروازے کھل جاتے ہیں اوسینہ نورانی ہو جاتا ہے جب کسی کا سینہ نورانی ہو جائے تو اس کا شعلہ فکر امن کا پیغام بن کر لاکھوں دلوں پر چھا جاتا ہے تو گلشن حیات کے ہر پھول میں امن کی خوشبو مہک اٹھتی ہے، اس اسم کا ایک مجرب عمل آپ کو پیش کرتا ہوں فائدہ اٹھائیں

**طریقہ عمل** یہ عمل انسان کو شیطانی خیالات سے محفوظ رکھتا ہے، آپ نماز کی پابندی کے ساتھ تین دن کیلئے روزہ رکھیں نیت اپنے مقصد کی کریں افطار کے وقت صرف میٹھی چیز سے افطار کریں کوئی اور ذائقہ زبان تک نہ آئے نماز عشاء کے بعد جب بالکل سکون ہو قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائیں اور 136 مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے پورے جسم پر پھیر لیں یہ عمل تین دن کریں انشاءاللہ 40 دن تک خیالات میں پاکیزگی رہے گی بشرطیکہ تین دن ذائقہ پوری طرح میٹھا رہے اور تعداد بھی پوری ہو کیونکہ اس اسم کے عددی موکل حضرت ہقیائیل ہیں جن کا کام انسان کو جملہ برائیوں سے بچانا ہے ان کے ماتحت 136 فرشتے کام کرتے ہیں اور ہر فرشتہ 136 صفوں کا حاکم ہے اور ہر صف میں 136 فرشتے ہیں جو اس اسم کے ذکر کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اس اسم کے عامل کیلئے باذن اللہ کام کرتے ہیں، یہ عمل دل کی جملہ برائیوں کا مکمل علاج ہے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# وسعت رزق کا عجیب عمل



اگر آپ کے رزق میں بجائے اضافے کے کمی آتی جاری ہے تو یہ عمل اس ترتیب کو الٹ دے گا اس عمل کی ترکیب بہت عجیب ہے اس لیئے آپ کی عقل اس پر یقین کرنے کیلیئے بہت کچھ سوچے گی اگر آپ کی عقل نے آپ کے دل کا فیصلہ قبول کرلیا تو یہ عمل آپ کی زندگی بدل دے گا آپ ایک حافظ قرآن کی دعوت کریں جس کو آپ جانتے نہیں ہیں اور یہ دعوت نہایت پرتکلف ہونی چاہیئے یقیناً حافظ صاحب اس پرتکلف دعوت پر حیرانگی کا اظہار کریں گے آپ ان کو یقین دلائیں یہ صرف آپ کے حافظ قرآن ہونے کی وجہ سے ہے آپ کی ذات کی وجہ سے نہیں ہے جب حافظ صاحب آپ کی ضیافت سے خوش دل ہوجائیں تو ان کے سامنے قرآن کریم رکھ کر ان سے عرض کریں کہ قرآن میں جن جن آیات میں لفظ رزق آیا ہے وہ ترتیب سے لکھوادیں یعنی جو آیات پہلے سپارے میں ہیں وہ پہلے لکھیں اسی ترتیب سے تمام قرآن سے آیات رزق لکھ لیں اور حافظ صاحب کو بصد عزت و احترام رخصت کردیں اگر آپ خود حافظ ہیں تو بھی کسی دوسرے حافظ کا انتظام کرنا پڑے گا یہی وہ نقطہ ہے جس کے ساتھ اس عمل کی تاثیر وابستہ ہے اب وہ تحریر شدہ آیات ایک تولہ زعفران کے ساتھ سفید کپڑے میں لپیٹ کر مناسب جگہ پر رکھ دیں ہر روز صبح کی نماز کے بعد ایک دفعہ سورت یاسین پڑھ ان آیات پر دم کردیا کریں اور اپنے کاروبار میں مصروف ہوجائیں صرف ایک سال کے عرصہ میں یہ عمل آپ کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کا مشاہدہ کرادے گا آج آپ کے پاس سائیکل ہے سال بعد آپ کے پاس کار ہوگی



asf malik






بسم اللہ الرحمن الرحیم

# گھریلو جھگڑوں کا روحانی حل

اگر میاں بیوی کے درمیان ہمیشہ تنازع رہتا ہو تو روحانی عامل کو چاہئے کہ ان کے ناموں کے اعداد کو علیحدہ ۹ کے عدد پر تقسیم کر کے دیکھے جو عدد باقی بچیں ان کی آپس میں نسبت کیا ہے موافق ہے کہ مخالف. اگر موافق ہو تو ان کو استغفار کرنے کا اور توبہ کرنے کا اسلامی طریقہ بتائے اور کہے کہ وہ نماز روزہ کے ساتھ اسلامی اخلاقیات کو اپنائیں انشاءاللہ جلد گھر کے حالات پر سکون ہو جائیں گے اگر عدد ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی اعداد کی آپس کی نسبت میں مخالفت آرہی ہو تو ان کو نام تبدیل کرنے کا مشورہ دے بلکہ ان کیلئے ایسے نام تجویز کرے جن کے اعداد کو اگر ۹ کے عدد پر تقسیم کیا جائے تو باقی بچنے والے اعداد کی آپس میں مطابقت ہو. اگر ان کیلئے نام تبدیل کرنا ممکن نہ ہو تو علم الحروف کا یہ عمل کر کے دے جس کا طریقہ یہ ہے کہ ان دونوں کے ناموں کے درمیان اللہ تعالی کے ناموں سے کوئی مناسب نام رکھ کر مثلا (ودود) پہلے تکسیر مکتوبی کرے پھر تکسیر ملفوظی کرے پھر تکسیر عددی کرے یہ سارا عمل باوضو اور زعفران و عرق گلاب کی روشنائی سے انجام دے انشاءاللہ بے سکونی سکون میں بدل جائے گی اور نفرتیں محبتوں میں تبدیل ہو جائیں گی مجرب ہے

asf malik







بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# چہرے کے داغ دھبوں کا روحانی علاج

جس کسی کے چہرے پر پھنسیاں یا ان کے داغ دھبے موجود ہوں ان کیلئے ایک مجرب روحانی نسخہ پیش خدمت ہے کہ آپ ایک عدد شلغم بالکل تازہ لے کر اچھی طرح صاف کرلیں اور اس کے پانچ ٹکڑے کر کے ایک شیشے کے برتن میں رکھ لیں شیشے کا برتن رنگین نہ ہو عشاء کی نماز کے بعد سورۃ الدھر پانچ مرتبہ پڑھ کر گھر کی چھت پر رکھ دیں صبح کو ایک ٹکڑا چھت پر رہنے دیں اور چار ٹکڑے نیچے لے آئیں ان میں سے تین ٹکڑے کھالیں اور ایک ٹکڑے کو دائرے کی شکل میں چہرے پر ملیں یہ عمل صرف جمعہ کے دن کریں اور تین جمعہ تک کریں انشاء اللہ زندگی بھر چہرے پر داغ دھبے نہ پڑیں گے مجرب المجرب ہے

عبدالشکور فیصل

## جوڑوں کے درد کا علاج:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، انجیر کھاؤ، کیونکہ یہ بواسیر کو ختم کرتا ہے، اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے (کنز الاعمال)

## دل کی کمزوری کا علاج:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ سفرجل استعمال کیا کرو، کیونکہ یہ دل کو مضبوط بناتا ہے (کنز الاعمال)

## زخم کا علاج:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جب بھی کبھی کوئی کانٹا چبھتا یا زخم ہوتا تو (آپ) مہندی کا استعمال فرماتے (ابن ماجہ)

## بخار کا علاج:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کو جب بخار آئے سحری کے وقت ٹھنڈا پانی (اسکے بدن پر) تین راتیں تک چھڑکا جائے (مستدرک)

## معدہ کی صفائی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انار کو اس کے اندرونی چھلکے سمیت کھاؤ کیونکہ یہ معدہ کی صفائی کرتا ہے (مسند احمد)

## پیٹ کے کیڑوں کا علاج:

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہار منہ کھجوریں کھایا کرو، کیونکہ اس سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں (مسند فردوس)

## گردے کی بیماریوں کا علاج:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلو کے درد کا سبب گردے کی نس ہے، جب وہ حرکت کرتی ہے تو انسان کو تکلیف ہوتی ہے، اور اس کا علاج گرم پانی اور شہد سے کرو (مستدرک حاکم)، الحاصل عوام الناس میں پھیلی چند عام بیماریوں کا یہ نبوی نسخہ بطور نظیر پیش کیا گیا، جس پر آج بھی عمل ممکن ہے، نیز اس سے اسلام کی وسعت اور انسانی فطرت وطاقت کے لحاظ کا بھرپور اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

# اسم یا مالک کی لوح روحانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


یہ اللہ تعالیٰ کے نام یا مالک کی لوح روحانی ہے جو انسان اپنے نام کے عدد اس اسم کے عدد میں شامل کر کے یہ لوح بنوا کر اپنے پاس رکھے اس کی ہر دعا قبول ہوگی تنگ دستی اور بیروزگاری دور ہوگی ملازمت قائم و دائم رہے گی اگر کوئی آفیسر یہ لوح اپنے پاس رکھے تو تمام ملازم تابع فرمان رہیں گے اور اس لوح کی خاص تاثیر یہ ہے کہ دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہتا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۸ | ۲۹۷ | ۲۹۸ | ۳۰۳ |
| ۲۹۹ | ۳۰۲ | ۳۰۹ | ۲۹۶ |
| ۳۰۵ | ۳۰۰ | ۲۹۵ | ۳۰۶ |
| ۲۹۴ | ۳۰۷ | ۳۰۴ | ۳۰۱ |





# روح کی تلاش



انسان جب اپنی عقل کو استعمال میں لاتا ہے تو ایک معمولی کپڑے کو ریشم بنا دیتا ہے یہ انسانی عقل ہی ہے جب چاہتی ہے تو ایک پتھر کو آئینہ بنا دیتی ہے اسی لئے آج ہم جس طرف بھی دیکھتے ہیں عقل کی کرامات ہم کو حیران کر دیتی ہیں آپ کے ہاتھ میں یہ موبائل فون یہ کمپیوٹر یہ انٹرنیٹ سب انسانی عقل کی حیران کن کرامات ہیں لیکن یاد رکھیں انسانی عقل کی یہ تمام ایجادات روح کی مرہون منت ہیں کیونکہ جب تک روح عقل کا ساتھ دیتی ہے اور عقل کو زندگی کی توانائی مہیا کرتی رہتی ہے تو عقل اپنا کام جاری رکھتے ہوئے ذرے سے لے کر آفتاب تک جس کو چاہتی ہے شکار کر لیتی ہے مگر جونہی روح و عقل کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے تو مسلمان یہودی اور عیسائی کی عقل کو مٹی میں ملا دیا جاتا ہے ہندو اور سکھ کی عقل کو آگ میں جلا دیا جاتا ہے جس کا واضح مطلب یہ ہے کہ انسانی عقل کا وقار اس وقت تک ہے جب تک اس کا انسانی روح سے تعلق قائم ہے اس لئے انسانی عقل بھی اس راز کو سمجھتی ہے کہ میری یہ ساری آبرو اس وقت تک ہے جب روح کی وابستگی میرے ساتھ ہے جب اس نے میرا ساتھ چھوڑ دیا تو میرا انجام آگ یا مٹی ہے جب عقل اپنی اس حیثیت کو دیکھتی ہے تو خود انسان کو ہدایت دیتی ہے کہ اے انسان اپنی روح کو تلاش کر اسی میں تیری بقاء ہے کیونکہ تیری روح امر ربی ہے اور امر ربی نہ آگ میں جلتا ہے نہ مٹی میں دفن ہوتا ہے بلکہ اپنے رب کی طرف لوٹ جاتا ہے اس لئے اے عقل والو اپنی روح کی تلاش میں نکلو.....





# دَرُوْدِ إِسْمِ أَعْظَمْ

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَا

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَا

اگر ایسے کسی دشمن کو جو واقعتاً ظالم ہو اور ستانے میں اس نے کوئی کسر نہ چھوڑی ہو کمزور کرنے کے لئے اور اس کو اس کے ذلیل ارادوں میں ناکام کرنے کے لئے سورۃ قمر کی مندرجہ ذیل آیات کو نصف شب کے بعد کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر ننگے پاؤں اور ننگے سر پڑھنا چاہئے۔ ان آیات کو سات راتوں تک لگاتار ایک ہزار مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ انشاء اللہ دشمن کمزور ہو جائے گا اور اپنے برے ارادوں میں ناکام رہے گا۔

آیات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ولقد انذرھم بطشتنا فتماروا بالنذر ولقد راودوہ عن ضیفہ فطمسنا اعینھم فذوقوا عذابی ونذر ولقد صبحھم بکرۃ عذاب مستقر فذوقوا عذابی ونذر

● سورۃ قمر کو اگر عشاء کی نماز کے بعد تین مرتبہ روزانہ پابندی سے پڑھے تو ہر قسم کی آفت سے نجات ملتی ہے۔ تمام مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لئے یہ عمل بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔

● اگر کوئی شخص جنات کے اثرات کا شکار ہو یا کسی گھر میں جنات کے اثرات ہوں تو سورۃ قمر سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ انسان کو یہ پانی پلائیں اور یہ پانی آسیب زدہ مکان کے چاروں کونوں میں اور دیواروں پر چھڑکیں۔ اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔ انشاء اللہ جنات کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔

● سورۃ قمر کا نقش اثرات نحوست اور اسی طرح کی دوسری آفتوں اور کلفتوں سے نجات دلانے میں تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۱۲ | ۳۰۱۵ | ۳۰۱۸ | ۳۰۰۵ |
| ۳۰۱۷ | ۳۰۰۶ | ۳۰۱۱ | ۳۰۱۶ |
| ۳۰۰۷ | ۳۰۲۰ | ۳۰۱۳ | ۳۰۱۰ |
| ۳۰۱۴ | ۳۰۰۹ | ۳۰۰۸ | ۳۰۱۹ |

قرآن حکیم کی موجودہ ترتیب کے اعتبار سے سورۃ القمر قرآن کی ۵۴ ویں سورت ہے۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کے قرآن یاد نہ ہوتا ہو تو وہ روزانہ سورۃ قمر کی اس آیت کو باوضو ہو کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کرے اس کے بعد اس پانی کا کچھ حصہ اپنے پینے کے لئے رکھ لے اور باقی پانی کو پی لے۔ روزانہ ایسا ہی کرے اور اس عمل کو کم سے کم چالیس دن تک اور زیادہ سے زیادہ ۱۲۰ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ سینہ فراخ ہو جائے گا، قوت حافظہ میں زبردست اضافہ ہوگا اور قرآن حکیم بہت جلد ازبر ہو جائیگا۔

آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر

● دوران جنگ لشکر کفار کو پراگندہ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات کو کاغذ کے سات ٹکڑوں پر لکھ لیں اور سات مختلف درختوں پر لٹکا دیں انشاء اللہ کفار کا لشکر پراگندہ ہو جائے گا۔

آیات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ام یقولون نحن جمیع منتصر سیھزم الجمع ویولون الدبر بل الساعۃ موعدھم والساعۃ ادھی وامر ان المجرمین فی ضلل وسعر یوم یسحبون فی النار علی وجوھھم ذوقوا مس سقر

● سورۃ قمر کا نقش ہر طرح کی مشکلات میں تیر بہدف ہے۔ اس نقش کو لکھ کر اگر گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں تو مصائب و مسائل سے نجات ملے اور ہر قسم کی آفتوں سے چھٹکارا نصیب ہو۔

● سورۃ قمر کے نقش کو اگر گھر میں لٹکا دیں تو اہل خانہ کو ہر طرح کی مصیبتوں اور مشکلوں سے خلاصی عطا ہو۔

## اولاد سے محروم شخص کے لئے

الَّذِیۡۤ اَحۡسَنَ کُلَّ شَیۡءٍ خَلَقَہٗ وَ بَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ
طِیۡنٍ ۚ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَہٗ مِنۡ سُلٰلَۃٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّہِیۡنٍ ۚ۝ ثُمَّ سَوّٰىہُ
وَ نَفَخَ فِیۡہِ مِنۡ رُّوۡحِہٖ وَ جَعَلَ لَکُمُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ
وَ الۡاَفۡـِٕدَۃَ ؕ قَلِیۡلًا مَّا تَشۡکُرُوۡنَ ۝

پارہ ۲۱ سورہ سجدہ کی آیت ۷ تا ۹ کو روزانہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں جلد مراد پوری ہوگی۔

نجات دے گی۔ اگر کسی دشمن نے جادو اور کالے علم کی بنا پر روزی کے ذرائع وقتی طور پر روک رکھے ہوں تو پھر اس درود پاک کو ۴۰ دن تک بعد نماز فجر سو مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ دشمن کے کیے ہوئے تعویذ دھاگے اور علم کا اثر ختم ہو جائے گا اور روزی کے ذرائع کھل جائیں گے۔ اگر کوئی دشمن ہر وقت زبان درازی کرتا ہو تو سات جمعرات تک پانی پر اس درود پاک ۵ مرتبہ ہر جمعرات کو پڑھیں اور دشمن کے مکان کی طرف منہ کر کے اس پانی کے پاکیزہ جگہ پر چھڑکائیں۔ انشاء اللہ دشمن زبان درازی چھوڑ دے گا۔

**يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ**

اے ذلیل کرنے والے ہر زبردست معاند کے درود بھیج ہمارے آقا و مولیٰ

**مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ**

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر، اور ان کی آل و اصحاب پر اور برکت و سلام۔

**اَللّٰهُمَّ اقْهَرْ بِهَا عَلٰى اَعْدَآئِنَا وَ اَلْزِمْهُمْ**

اور میرے دشمنوں پر اس درود سے قہر فرما اور ان کی طرف جلدی

**وَعَجِّلْ اِلَيْهِمْ مَا قَصَدُوْنِيْ بِهٖ فِيْ اَمْوَالِهِمْ**

پہنچا دے وہ چیز جو وہ میرے بے چارے ہیں۔ ان کے مال

**وَعِزَّتِهِمْ وَاَمَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ○**

اور عزت اور ان کی جانوں میں اور وہ ان سے لازم کر دے۔

## حکایت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے متعلق ایک واقعہ یہ ہے کہ ایک دفعہ ایک شخص پر ظالم بادشاہ کا عتاب نازل ہوا۔ تو وہ خوف کی وجہ سے جنگل کی طرف بھاگ گیا۔ ایک مقام پر جا کر اپنے ذہن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کا تصور کر کے ایک ہزار مرتبہ درود پاک پڑھ کر دربار الٰہی میں عرض کی کہ یا اللہ! میں نبی اکرم صلی

# آسیب جادو کا علاج

## جنات کی شرارت سے بچنے کا نبوی نسخہ۔

ابن ابی حاتم میں ہے کہ ایک بیمار شخص جسے کوئی جن ستا رہا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس آیا تو آپؓ نے درج ذیل آیت پڑھ کر اس کے کان میں دم کیا۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ.

وہ اچھا ہو گیا جب نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا عبداللہ تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا؟ آپؓ نے بتلا دیا تو حضور ﷺ نے فرمایا تم نے یہ اس کے کان میں پڑھ کر اسے جلا دیا واللہ ان آیتوں کو اگر کوئی با ایمان شخص بالیقین کسی پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۴۷)

## جنات کے شر سے حفاظت کا بہترین نسخہ

حضرت عبداللہ بن بسرؓ فرماتے ہیں کہ میں حمص سے چلا اور رات کو زمین کے ایک خاص ٹکڑے میں پہنچا تو اس علاقہ کے جنات میرے پاس آ گئے اس پر میں نے سورۃ اعراف کی یہ آیت آخر تک پڑھی۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ، یُغْشِی

## ۱۰۲- درود حضرت علی رضی اللہ عنہ

جو شخص یہ چاہے کہ خواب میں اسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو تو اسے چاہئے کہ جمعرات کی رات کو اس پڑھائی کو شروع کرے اور عشاء کی نماز کے بعد اس درود کو ۳۱ مرتبہ ورد کرے۔ اس عمل کو ۴۰ رات تک کرے۔ دوران عمل مقام وظیفہ کو پاک صاف رکھے اور پاکیزہ لباس پہنے۔ کلام اور گفتگو کو بالکل کم کر دے اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہو گی اور اسے خوش بختی کی دلیل سمجھے۔ انسان بڑا ہی خوش قسمت ہوتا ہے کہ جو دنیا سے ایمان کی دولت کے ساتھ جائے اس لئے جو شخص اس درود کو فجر کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھے تو اللہ کی مہربانی سے اس کا خاتمہ ایمان پر ہو گا وہ صاحب ایمان رہتے ہوئے دنیا سے جائے گا۔

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ لوگ مسخر ہو جائیں اور جس شخص کی طرف وہ نظر کرے تو وہ مطیع اور گرویدہ ہو جائے تو اسے چاہئے کہ نماز مغرب کے بعد ۱ مرتبہ ۱ ماہ تک اس درود کا ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ دوسرے لوگوں کو مسخر کر دے گا۔

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْۢبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور اس کے نبیوں اور اس کے رسولوں

وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَيْهِ

اور اس کی ساری مخلوق کے درود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت محمد صلی اللہ

وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

علیہ وسلم کی آل پر ہوں اور اُن پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں ہوں

# سپر مین طلا

قرنفل۔ دار چینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ خراطین۔ بیر بہوٹی

زِنوخشک۔ چربی سانڈہ۔ چربی مارِسیاہ

سب 10۔10 گرام لے کر

روغن کنجد ایک پاؤ میں جلالیں اور اس میں زعفران 6 گرام ملالیں

**مردوں کے لیے۔ گوہرِ نایاب ہے۔**

(اجزا کا درست ہونا شرط ہے)

ہمارا خاص نسخہ ہے۔

## برائے یرقان

جس شخص کو یرقان کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ نیم کی ٹہنی لے کر اس ٹہنی کی تمام سینکیں الگ توڑ کر معہ پتوں کے ایک جگہ کر لیا جائے اور ان سینکوں سے مریض کی آنکھوں پر جھاڑتا جائے یعنی سینکیں برابر ہلاتا رہے ۔اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سورۃ فیل معہ بسم اللہ کے پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے مریض آنکھوں کو کھلا رکھے ۔اور پھر نو بار پڑھ کر دم کرے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھ لے ۔اس طرح اس عمل کو سات روز مسلسل کرے انشائ اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

asf malik

# مردوں میں بانجھ پن کا ٹسٹ (semen analysis)

اگر شادی کے بعد ازدواجی تعلقات کے باوجود ایک سال تک اولاد نہ ہو تو یہ بانجھ پن کے زمرے میں آتا ہے

اس میں مرد یا عورت دونوں میں سے کسی میں بھی نقص ہو سکتا ہے

سب سے پہلے یہ طے کرنا ضروری ہے کہ نقص کس میں ہے

مردوں میں یہ ٹسٹ semen anlysis کروایا جاتا ہے

سیمپل لیبارٹری میں جا کر دیں ازدواجی تعلقات میں 5 دن کے وقفے کے بعد ٹسٹ کروائیں

اسکی نارمل ویلیوز یہ ہیں

volume 1.5- 5 ml

concictency thik

liquification time upto 30mintes

total sperm count 50-150 million/ml

active motile above 60%

pus cells nill

rbc nill

epithelial cells nill

اگر ٹوٹل کاؤنٹ کم ہو یا ایکٹو کم ہوں یا rbc یا pus موجود ہو تو ماہر معالج سے رابطہ کریں

# وحی کی ضرورت

ہر مسلمان جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس دُنیا میں آزمائش کے لئے بھیجا ہے، اور اس کے ذمے کچھ فرائض عائد کر کے پوری کائنات کو اس کی خدمت میں لگا دیا ہے، لہٰذا دُنیا میں آنے کے بعد اِنسان کے لئے دو کام ناگزیر ہیں، ایک یہ کہ وہ اس کائنات سے اور اس میں پیدا کی ہوئی اشیاء سے ٹھیک ٹھیک کام لے، اور دُوسرے یہ کہ اس کائنات کو اِستعمال کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے اَحکام کو مدِنظر رکھے، اور کوئی ایسی حرکت نہ کرے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی مرضی کے خلاف ہو۔

ان دونوں کاموں کے لئے انسان کو "علم" کی ضرورت ہے، اس لئے کہ جب تک اُسے یہ معلوم نہ ہو کہ اس کائنات کی حقیقت کیا ہے؟ اس کی کونسی چیز کے کیا خواص ہیں؟ ان سے کس طرح فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے؟ اس وقت تک وہ دُنیا کی کوئی بھی چیز اپنے فائدے کے لئے استعمال نہیں کرسکتا، نیز جب تک اسے یہ معلوم نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی کیا ہے؟ وہ کونسے کاموں کو پسند اور کن کو ناپسند فرماتا ہے؟ اس وقت تک اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق زندگی گزارنا ممکن نہیں۔

عبدالشکور

ھوالشافی

# انجائنا پیکٹورس

جب شریان کسی سبب سے سکڑ جاتی ہے جسے اسپازم کہتے ہیں ایسی حالت میں دل اور متعلقہ اعضاء کو آکسیجن مہیا نہیں ہوتی یا دل کی شریان یا ورید کسی سبب سے اس میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے تو یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ بائیں بازو کی طرف درد کی ٹیس اٹھتی ہے۔ مریض کا رنگ پھیکا پڑ جاتا ہے اور سانس گھٹنے لگتا ہے۔ اس عمل کا دورانیہ تقریباً پچیس منٹ تک ہوتا ہے۔ پھر خود بخود ٹھیک ہو جاتا ہے۔ مریض کا ایسی حالت میں سکون سے لیٹ جانا یا بیٹھ جانا اس کو آرام دیتا ہے۔ اگر اس درد کا دورانیہ 30 سیکنڈ سے کم یا 30 منٹ سے زیادہ ہو تو یہ انجائنا نہیں ہے۔

**وجوہات**: بواسیری زہر، نفاخ اور ثقیل اشیاء کا زیادہ استعمال

**علاج معالجہ**: یہ مرض عضلاتی اعصابی تحریک (سوداء بلغمی) ہ ہے اس کا علاج عضلاتی غدی تحریک (سوداء صفراوی) اور غدی عضلاتی تحریک (صفراء سوداوی) میں کریں۔

**حب تریاق کزاز**: ایک عدد، کشتہ بارہ سنگھا 125 ملی گرام، مقوی معدہ: 500 ملی گرام، جواہر مہرہ 30 ملی گرام

**قہوہ**: انجیر ۲ عدد، عناب پانچ عدد، میتھرے ۳ گرام، شہد ایک چمچ

**غدی اعصابی روغن** روغن تارپین 140ml اور روغن قرنفل 10ml مکس کرلیں۔ چھاتی پر مالش کریں۔

**نسخہ: مقوی معدہ**: جاوتری ۱۰ گرام، دارچینی ۴۰ گرام، تیزپات ۵۰ گرام

**حب تریاق کزاز**: جائفل 10 گرام، جاوتری 10 گرام، فلفل دراز 20 گرام، عقرقرحا 10 گرام، سنبل الطیب 20 گرام، ہیرا خالص ہینگ 30 گرام کا سفوف بنا کر آب لہسن 100 گرام ڈالکر حبوب نخودی تیار کرلیں۔

# بہو کو فرمانبردار کرنا

اگر کسی کی بہو تابعدار نہ ہو اور اسے تابعدار بنانا مقصود ہو تو مندرجہ ذیل نقش مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر چراغ میں جلائے اور مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق یا وَدُوْدُ پڑھے چراغ کی لو مطلوب کے مکان کی طرف رکھے اوّل آخر نو 9 بار درود شریف پڑھے۔ مطلوب کے نام میں جتنے حرف ہوا تنے دن ہی عمل کرے انشاء اللہ بہو تابعدار ہو جائے گی۔ اگر ایسا نہ ہو تو پھر گیارہ ہزار مرتبہ 11000 یـا وَدُوْدُ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرتا رہے اور مطلوب کو تین دن تک کھلائے انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔

۷۸٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٤ | ٦ | ٤ | ٦ |
| ٣ | ٧ | ٣ | ٧ |
| ٨ | ٦ | ٤ | ٢ |
| ٥ | ١ | ٩ | ٥ |

از...عبدالشکور فیصل

asf malik

# برائے حمل

جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اس کو یہ نقش لکھ کر دیں وہ عورت اس کو موم جامہ
کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ وہ عورت ایک ہی مہینہ میں حاملہ ہو جائیگی۔ نقش یہ
ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ھو ھو ھو ھو ھو ھو اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ حَیٌّ حَیٌّ

حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ قَیُّوم قَیُّوم قَیُّوم قَیُّوم قَیُّوم قَیُّوم

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیرِ خلقہٖ محمدٍ و الہٖ و اصحابہٖ

اجمعین

0300941178

asf malik

# عورتوں کے امراض

## اُولاد کا نہ ہونا

اُولاد نہ ہونے کی بے شمار اسباب ہیں۔ مثلاًیہ کہ عورت کے اندرونی نظام میں مرض
واقع ہو جائے یا مرد کے جرثومے نہ ہوں۔ اگر مرد اور عورت دونوں کی صحت ٹھیک ہے اور
ستقرار حمل نہیں ہوتا تو قران پاک کی ان آیتوں کی برکت سے اس انشاءاللہ ماں کی گود بھر
جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ☆


اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ حٰمٓ

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

عورت عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اور پانی پر دم کر کے نوے 90 دن تک خود پیئے اور
شوہر کو بھی پلائے۔ ناغہ کے دن شمار کر کے بعد پورے کر

asf malik
03009411787

03009411787



# مصیبت دور کرنے کیلئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿173﴾ (آل عمران)

خاصیت: جو شخص کسی مصیبت و بلا میں مبتلا ہو اس آیت کو پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت جاتی رہے گی۔

asf malik

# اطاعت جانور کیلئے

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَہٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا

وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ ﴿83﴾ (آل عمران)

asf malik

خاصیت: اگر سواری کا کوئی جانور گھوڑا اونٹ سواری کے وقت شوخی و شرارت کرے اور چڑھنے نہ دے اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اس کے کان میں پھونک دے ان شاء اللہ تعالیٰ سیدھا ہو جائے گا۔



03009411787



## ادائے قرض کیلئے

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ
تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿26﴾ (آل عمران)

asf malik

خاصیت: ادائے قرض کیلئے سات بار صبح شام پڑھ لیا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ قرض ادا

03009411787

03009411787



# اسم اعظم

الٓمّٓ ﴿1﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ﴿2﴾ (آل عمران:۱تا۲)

عبدالشکور فیصل


خاصیت: حدیث شریف میں آیا ہے کہ اس آیت میں اسم اعظم ہے۔

03009411787

# شوہر کو مہربان کرنے کیلئے

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ
جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ (بقرہ:۱۶۵)

خاصیت: جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ مہربان ہو جائے گا مگر واضح رہے کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔



03009411787


asf malik

asf malik 0300941178

## محبت کیلئے

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (مائدہ:54)

خاصیت: اس آیت کو شیرینی پر دم کر کے جس کو کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے محبت ہو جائے گی۔






# عداوت وتفریق کیلیے

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ (مائدہ)

خاصیت: اگر دو آدمیوں میں تفریق وعداوت ڈالنا چاہے تو اس آیت کو بھوج پتر پر لکھ کر اس کے نیچے یہ نقش لکھے



اور اس نقش کے نیچے یہ عبارت لکھے کہ درمیان فلاں فلاں کے تفریق واقع ہو فلاں کی جگہ دونوں کا نام لکھے اور تعویذ بنا کر درمیان پرانی دو قبروں کے دفن کر دیوے مگر ناحق کے لئے نہ کرے ورنہ گناہگار ہوگا۔

03009411787
asif malik

## سورہ انعام (انعام کامل پ ۷)

خاصیت: جس مہم اور غرض کے لئے چاہے اس سورت کو پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔




## ہر بیماری سے شفاء

فَكُلُوهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ﴿4﴾ (النساء)

خاصیت: اس آیت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک عجیب دوا استنباط فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ جو کوئی شخص اپنی زوجہ کو دین مہر میں سے کچھ زر نقد دے اور وہ عورت اس زر نقد کو لے کر پھر اپنے شوہر کو بخش دے اس زر نقد سے شہد خرید کیا جائے اور اس میں بارش کا پانی ملا کر جس مریض کو پلایا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور شفاء پائے گا مجرب و آزمودہ ہے۔

asf malik / 03009411787

## اولاد کیلئے دعا

asf malik \ 03009411787

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ﴿38﴾

(آل عمران)


خاصیت: جس کو اولاد سے مایوسی ہو وہ اس آیت کو پڑھا کرے خداوند کریم اس کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

## اطاعت جانور کیلئے

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا

وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿83﴾ (آل عمران)

خاصیت: اگر سواری کا کوئی جانور گھوڑا اونٹ سواری کے وقت شوخی و شرارت کرے اور چڑھنے نہ دے اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اس کے کان میں پھونک دے ان شاء اللہ تعالیٰ سیدھا ہو جائے گا۔



# فراخی رزق کیلئے

ثُمَّ اَنزَلَ عَلَیکُم مِّن بَعدِ الغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغشٰی طَآئِفَةً مِّنکُم ۙ وَطَآئِفَةٌ قَد
اَهَمَّتهُم اَنفُسُهُم یَظُنُّونَ بِاللّٰهِ غَیرَ الحَقِّ ظَنَّ الجٰهِلِیَّةِ یَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الاَمرِ
مِن شَیءٍ اِنَّ الاَمرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ یُخفُونَ فِیٓ اَنفُسِهِم مَّا لَا یُبدُونَ لَکَ ۙ یَقُولُونَ لَو
کَانَ لَنَا مِنَ الاَمرِ شَیءٌ مَّا قُتِلنَا هٰهُنَا قُل لَّو کُنتُم فِی بُیُوتِکُم لَبَرَزَ الَّذِینَ کُتِبَ
عَلَیهِمُ القَتلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِم وَلِیَبتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِی صُدُورِکُم وَلِیُمَحِّصَ مَا فِی
قُلُوبِکُم وَاللّٰهُ عَلِیمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿154﴾ (آل عمران)

خاصیت: کشائش رزق کیلئے ان آیتوں کو مہینے کے پہلے جمعہ سے چالیس جمعہ تک بعد
مغرب کے گیارہ مرتبہ پڑھے۔




asf malik \ 0300941178

Quran Me Surah Al
Baqara Sabse Bari Aur
Surah Al Kausar Sabse Choti Surah He

Quran Ko Poora Honey Me 22saal 5mah 14din Lage

- "**Quran Me**
  ALLAH Ka Naam 2584 Baar He"
- "Duniya Me Quran 103 Zabano Me He"




03009411787
asf malik

- QURAN Me 700 Baar ‘Namaz’ Ki Dawat Di Gayi

Hazrat Ayesha (RA) Ne Sabse Pehle Quran Ki Ayaton Ko Gina

Quran Me Surah Al
Baqara Sabse Bari Aur
Surah Al Kausar Sabse Choti Surah He

Quran Ko Poora Honey Me 22saal 5mah 14din Lage

- “**Quran Me**
  ALLAH Ka Naam 2584 Baar He”
- “Duniya Me Quran 103 Zabano Me He”






03009411787

- **Quran Me 4 Masaajid K Naam Hain**

1)Masjid-Ul-Haram
2)Masjid-Ul-Zraar
3)Masjid-E-Nabawi
4)Masjid-E-Aqsa

03009411787




ASF MALIK

# 9 Cheezon Mein Barri Shifa Raki Hai

ALLAH Talah Ne 9 Cheezon Mein Barri Shifa Raki Hai

1 Quran Sharif
2 Sadqa
3 Sila Rehmi
4 Surah Fateha
5 Safar
6 Shehad
7 Kalonji
8 Zam Zam
9 Zetoon






Many friends ask about "Bundish" and its simple treatment,
Actually "Bundish" is a special amal which is done to stop all activities of a person, usually activities concerning progress and well being of a person,

>like marriage,
>relationship between husband and wife,
>sexual interests and power of the married couple (usually in males)
>sources of income,
>promotion,
>cure out of diseases etc

As far as solution of bundish is concerned, there are lot of methods, most of them are very difficult to adopt or practice, but tonight i tell you the easiest and the best of all, and this is called "ilaaj bil maa" and this is by drinking the water of "saat ghaat", means 7 different places ,and in these 7 waters one must be of "chalta paani" (water of river or canals which is running and covers thousands of miles and cant be stopped, because such water run all the stopped works (bundish), all these waters are mixed together >>
and its better to reciete surat fatiha, ayat al kursi and maooziteen (surat falak and surat naas) on it (all 7-7 times with bismillah in start and darood sharif 7-7 times before and after the amal==>>for Muslims or believers
>>but this mixture of water as such can also be used, because it has effects supported by "ilaaj bil maa" (treatment with water)
Method of use=
This water is given to the patient to drink before sun rise, and also taking bath with the same water and this water may all be sprayed on the walls of his room and even his sleeping bed, or his shop.
Always remember to do some khairaat in the name of creator (Allah) before doing such amliyat to get rid of all such amals of bundish.


asf malik

(رات کی ساعات ) غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 13 | ی | محبت | ہ | بغض | ل | قبول محبت | س | قبول محبت | ر | نکاح | خ | محبت | و | محبت |
| 14 | خ | سفر | و | منحوس | ی | نحس | ہ | پیار کرنا | ل | طلسم | س | صلح | ر | منحوس |
| 15 | س | نکاح | ر | نکاح | خ | اجراخون | و | محبت | ی | نحس | ہ | بغض | ل | سفر |
| 16 | ہ | پیار کرنا | ل | برکت | س | اعمال خیر | ر | محبت | خ | دفینہ | و | چاہ | ی | منحوس |
| 17 | و | حاجت | ی | منحوس | ہ | عداوت | ل | عقد | س | محبت | ر | محبت | خ | عداوت |
| 18 | ر | طلسم | خ | پیار کرنا | و | سفر | ی | سفر | ہ | حاجت | ل | شکار | س | کام پورا ہو |
| 19 | ل | زبان بندی | س | محبت | ر | محبت | خ | عداوت | و | جادو جلال | ی | کچھ نہ کرے | ہ | منحوس |
| 20 | ی | صلح محبت | ہ | عداوت | ل | علاج | س | محبت | ر | محبت | خ | بلا کی دشمن | و | چاہ |
| 21 | خ | جدائی | و | محبت | ی | عداوت | ہ | وزیر سے مدد | ل | ہر کام | س | محبت | ر | محبت |
| 22 | س | محبت | ر | منحوس | خ | حکام سے مدد | و | حاجت | ی | جدائی | ہ | عمارت | ل | ہر کام |
| 23 | ہ | عداوت | ل | سفر | س | قبول | ر | حاجت | خ | نحس | و | صلح | ی | طلسم |
| 24 | و | محبت | ی | بغض | ہ | عداوت | ل | نحس | س | محبت | ر | قبول | خ | نقصان |




asf malik \ 03009411787



# عمل کرنے کے لئے دن کی ساعات

| ساعات | اتوار - شمس | | پیر - قمر | | منگل - مریخ | | بدھ - عطارد | | جمعرات مشتری | | جمعہ - زہرہ | | ہفتہ - زحل | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | س | محبت | ر | محبت | خ | بغض | و | قبولیت | ی | قبول محبت | ہ | نکاح | ل | محبت |
| 2 | ہ | منحوس | ل | سفر | س | منحوس | ر | نحس | خ | بیمار کرنا | و | طلسم | ی | صلح |
| 3 | و | سفر | ی | نکاح | ہ | نکاح | ل | اجرا خون | س | محبت | ر | نحس | خ | بغض |
| 4 | ر | منحوس | خ | بیمار کرنا | و | برکت | ی | اعمال خیر | ہ | محبت | ل | کنواں نکالنا | س | جاہ وجلال |
| 5 | ل | عداوت | س | حاجت | ر | منحوس | خ | عداوت | و | عقد | ی | محبت | ہ | محبت |
| 6 | ی | کام پورا | ہ | طلسم | ل | بیمار کرنا | س | سفر | ر | سفر | خ | حاجت | و | شکار |
| 7 | خ | منحوس | و | زبان بندی | ی | محبت | ہ | محبت | ل | عداوت | س | جاہ وجلال | ر | کچھ نہ کرے |
| 8 | س | جاہ وجلال | ر | صلح محبت | خ | عداوت | و | علاج | ی | محبت | ہ | محبت | ل | ہلاکی دشمن |
| 9 | ہ | محبت | ل | جدائی | س | محبت | ر | عداوت | خ | وزراء سے مدد | و | ہر کام کیلئے | ی | محبت |
| 10 | و | نیک مقصد | ی | محبت | ہ | منحوس | ل | وزراء سے مدد | س | حاجت | ر | جدائی | خ | عداوت |
| 11 | ر | طلسم | خ | عداوت | و | سفر | ی | قبول | ہ | محبت | ل | نحس | س | صلح |
| 12 | ل | نقصان | س | محبت | ر | بغض | خ | عداوت | و | نحس | ی | محبت | ہ | قبول |

asf malik